عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز بدھ 16 ستمبر 2026ء / 3 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ نمبر 168

پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتیں، حکومت کا سمارٹ لاک ڈاؤن لگانے کا فیصلہ

سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت سرکاری ونجی دفاتر میں چار دن کام کی تجویز دی گئی ہے، جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو چھٹی کرنے سے نقل وحمل کم کرنے کی تجویز بھی زیر غور ہے

وزیراعظم کو اجلاس میں سرکاری ملازمین کو روٹیشن میں کام کرنے کا فارمولا بھی زیر غور ہے جبکہ 50 فیصد سرکاری گاڑیوں کو گراؤنڈ کرنے کی تجویز بھی دی گئی

اسلام آباد (جی این ایم) پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے باعث وفاقی حکومت نے پٹرولیم سمارٹ لاک ڈاؤن لگانے کا فیصلہ کر لیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اجلاس میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں مختلف تجاویز کا جائزہ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سمارٹ لاک ڈاؤن کے تحت سرکاری ونجی دفاتر میں چار دن کام کی تجویز دی گئی ہے، جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو چھٹی کرنے سے نقل وحمل (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

جام کمال خان سے کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان کی ملاقات

ملاقات کے دوران دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان نے ملاقات کی۔ ترجمان وزارت تجارت کے مطابق منگل کو منعقدہ ملاقات میں پاکستان اور کینیڈا نے دوطرفہ تجارت اور (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

سریاب روڈ پر بینک میں مسلح ڈکیتی، ملازمان عملے اور صارفین کو یرغمال بنا کر رقم لوٹ کر فرار

پولیس نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کر کے تلاش شروع کر دی، لوٹی گئی رقم کی حتمی تفصیلات تاحال سامنے نہ آ سکیں

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ کے مصروف ترین علاقے سریاب روڈ پر واقع ایم سی بی (MCB) بینک کو نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر ڈکیتی کا نشانہ بناتے ہوئے لوٹ لیا ہے۔ ابتدائی ذرائع کے مطابق متعدد مسلح افراد بینک (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

سانحہ پمز؛ 14 نومولود کیوں نہیں بچائے جا سکے؟ انکوائری رپورٹ میں انکشافات

رپورٹ وزیراعظم کے حکم سے جاری کی گئی، آگ لگنے کی وجوہات اور غیر ذمے داریوں کا تفصیلی احاطہ

اسلام آباد (جی این ایم) 26 اگست کے پمز نرسری | آتشزدگی کے واقعے (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

غیر ملکی طلبہ کو پاکستان میں تعلیم جاری رکھنے کا مستقل حق حاصل نہیں، بلوچستان ہائیکورٹ

امیگریشن اور قومی سلامتی کے معاملات انتظامیہ کے اختیار میں ہیں عدالت نے افغان میڈیکل طلبہ سے متعلق آئینی درخواست مسترد کر دی

افغان شہریوں سمیت تمام غیر ملکیوں کے ساتھ انسانی وقار، انصاف اور قانون کے مطابق سلوک کیا جانا لازم ہے، ہائیکورٹ کا فیصلہ

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان ہائیکورٹ کے جسٹس محمد عامر نواز رانا اور جسٹس عبدالقیم لہڑی پر مشتمل بنچ نے پاکستان میں افغان شہریوں کی میڈیکل وڈینٹل تعلیم اور پوسٹ گریجویٹ تربیت جاری رکھنے سے متعلق آئینی درخواست (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

سعودی کابینہ کی حوثیوں کے حملوں کی مذمت

سعودی عرب کی خودمختاری، شہریوں، رہائشیوں اور اہم مفادات کے دفاع کے حق کا اعادہ

ریاض (جی این ایم) سعودی کابینہ نے حوثی دہشت گرد ملیشیا کی جانب سے مملکت میں شہریوں اور شہری تنصیبات پر مسلسل اور جان بوجھ کر کیے جانے والے حملوں کی شدید مذمت (باقی صفحہ 2 نمبر 8)



اسلام آباد، وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان عدالتی سال 2026-27 کے آغاز پر تقریب کی صدارت کر رہے ہیں

اختیارات کے استعمال میں آئین کو ہر صورت مقدم رکھنا چاہیے، جسٹس امین الدین

نئے عدالتی سال کا آغاز انصاف کی فراہمی کے عزم کی تجدید کا دن، وفاقی آئینی عدالت آئینی معاملات پر ذمہ داریاں بخوبی نبھا رہی ہے

بیرونی دوروں اور سرگرمیوں سے عدالتی شعبے میں تعاون بڑھایا جا رہا ہے، وفاقی آئینی عدالت میں عدالتی سال 2026-27 کے آغاز پر اظہار خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ اختیارات کے استعمال میں آئین کو ہر صورت مقدم رکھا جانا چاہیے۔ وفاقی آئینی عدالت میں عدالتی سال 2026-27 کے آغاز پر چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ نئے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

پاسپورٹ کی تازہ عالمی درجہ بندی میں پاکستان 183 ویں نمبر پر آ گیا

پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والوں کو مجموعی طور پر 42 مقامات تک آسان سفری سہولت حاصل، رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) پاسپورٹ کی تازہ عالمی درجہ بندی میں پاکستان 183 ویں نمبر پر آ گیا ہے، پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والوں کو مجموعی طور پر 42 مقامات تک آسان سفری سہولت حاصل ہے۔ پاکستانی پاسپورٹ رکھنے والے شہری 2026 میں دنیا کے 9 ممالک کا (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

برآمدات میں اضافے کو ملکی معاشی ترقی کی بنیاد بنایا جائے، وزیراعظم

روایتی شعبوں کے ساتھ مزید شعبوں کو بھی عالمی منڈیوں میں برآمدات کیلئے تیار کیا جائے، برآمدی صنعتوں کیلئے جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کو فروغ دینے کی ہدایت


اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف ملک کی برآمدات میں بہتری سے متعلق ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستانی مصنوعات کے معیار کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں اور برآمدات میں اضافے کو ملکی معاشی ترقی کی بنیاد بنایا جائے۔ اسلام آباد میں وزیراعظم کی زیر صدارت ملکی برآمدات بڑھانے اور معاشی ترقی کی رفتار تیز کرنے کیلئے جائزہ اجلاس ہوا جس میں انہوں نے کہا کہ روایتی شعبوں کے ساتھ مزید شعبوں کو بھی عالمی منڈیوں میں برآمدات کے لئے تیار کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ تجارت کو متنوع بنانے کے لئے شعبوں اور صنعتوں کو برآمدی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے اور برآمدات میں ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ دی جائے۔ انہوں نے برآمدی صنعتوں کیلئے جدید ٹیکنالوجی، تحقیق اور جدت کو فروغ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے مزید کہا کہ ملکی معیشت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ڈیجیٹلائزیشن اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ برآمد کنندگان کو درپیش انتظامی و کاروباری رکاوٹیں دور کی جائیں اور برآمدی عمل کو مزید آسان، تیز اور شفاف بنایا جائے۔

حکومت کو عوام کو درپیش مشکلات کا احساس ہے، مصدق ملک

پاکستان جنگ رکوانے کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہا ہے، سیاسی اور عسکری قیادت خطے میں امن کے لیے کوششیں کر رہی ہے،

پٹرولیم قیمتوں میں 100 روپے کے ریلیف سے عام آدمی کو کچھ سہولت ملے گی، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی انجینئر مصدق ملک نے کہا ہے کہ عام آدمی پیٹرول قیمتوں میں اضافے سے شدید متاثر ہو رہا ہے۔ اسلام آباد میں (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

چمن: کالج روڈ فائرنگ واقعے کی تفتیش میں اہم پیش رفت، ملزم گرفتار

پولیس اور جے آئی ٹی کی کارروائی، فائرنگ میں ملوث مبینہ ملزم قدرت اللہ گرفتار

چمن (خ ن) ضلع چمن پولیس نے کالج روڈ پر فائرنگ کے نتیجے میں نذر محمد ولد نیک محمد قوم اوزئی کے جاں بحق ہونے کے واقعے کی تفتیش میں اہم پیش رفت کرتے ہوئے وقت میں مبینہ طور پر ملوث ملزم قدرت اللہ کو گرفتار کر لیا، جبکہ اس کے قبضے سے پسٹل، مبینہ آلہ قتل، (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

سلحاق ڈار اور رافیل گروسی میں رابطہ، اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد پر اتفاق

اسحاق ڈار کا اقوام متحدہ سیکریٹری جنرل کے منصب کے لئے رافیل گروسی کی انتخابی مہم کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

نائب وزیراعظم نے بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی پاسداری کیلئے پاکستان کے دیرینہ عزم کا اعادہ کیا

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے آئی اے ای اے کے ڈائریکٹر جنرل رافیل گروسی سے علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، دونوں رہنماؤں نے کشیدگی کم کرنے کیلئے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کو بہترین راستہ قرار دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ڈائریکٹر جنرل اور اقوام متحدہ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

چین کے ساتھ تعلقات پاکستان کی خارجہ پالیسی کا اہم ترین پہلو ہیں صدر

پاکستان اور چین کے درمیان سٹریٹجک باہمی اعتماد اور اقتصادی تعاون کو مزید وسیع کرنا ناگزیر ہے، آصف علی زرداری

صدر کی چین کے نامزد سفیر سے ملاقات، صدر شی جن پنگ کے آئندہ سال متوقع دورہ پاکستان اور عوامی سطح پر روابط کے فروغ پر گفتگو


اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی وزارت داخلہ کے دورے کے موقع پر لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار سے مصافحہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان سٹریٹجک باہمی اعتماد برقرار رکھنے اور مزید مضبوط بنانے کے لیے اعلیٰ سطحی تبادلوں کا تسلسل، عوامی سطح پر روابط کا فروغ اور اقتصادی تعاون کو مزید وسیع کرنا ضروری ہے۔ منگل کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار چین کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

اسلام آباد میں احتجاج کے پیش نظر سیکیورٹی انتظامات سخت کر دیئے گئے

ڈی چوک سمیت اسلام آباد کی اہم شاہراہوں پر کنٹینرز پہنچا دیئے گئے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف اور جماعت اسلامی کی جانب سے احتجاج کی کال کے بعد اسلام آباد میں سیکیورٹی انتظامات سخت کر دیئے گئے۔ ڈی چوک سمیت شہر کی اہم شاہراہوں اور حساس مقامات کے راستے بند کرنے کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں، جبکہ مختلف مقامات پر کنٹینرز پہنچا دیئے گئے ہیں۔ اسلام آباد انتظامیہ اور پولیس نے احتجاج کے (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

سستا پیٹرول، رجسٹریشن کا عمل صرف ایک بار کیا جائے، شزا فاطمہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزا فاطمہ نے سستا پیٹرول حاصل کرنے والوں کو ہدایت دیتے ہوئے کہا رجسٹریشن کا عمل صرف ایک بار کیا جائے، بار بار دہرانے کی ضرورت نہیں۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

سعودی کے تین شہروں پر حوثیوں کے میزائل اور ڈرون حملوں میں 13 شہری زخمی

سعودی اتحادی افواج کا حوثیوں کے حملوں کا بھرپور جواب دینے کا اعلان

ریاض، صنعا (جی این ایم) سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ حوثی فورسز کی جانب سے سعودی عرب کے تین شہروں پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز کے متعدد حملوں (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

حکومتی سطح پر سمارٹ لاک ڈان کی کوئی بات زیر بحث نہیں: طارق فضل چودھری

تین ماہ کے لیے تھری ویلر اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے صارفین کو ٹارگٹڈ سبسڈی دی جا رہی ہے

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ ڈپٹی وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں سمارٹ لاک ڈان کی کوئی بات زیر بحث نہیں آئی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چودھری کا کہنا تھا کہ اجلاس میں پٹرولیم مصنوعات سے متعلق امور پر غور کیا گیا، تین ماہ کے لیے تھری ویلر اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

خیبر پختونخوا کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود کا سفر جاری رکھیں گے، شہباز شریف

وزیراعظم سے گورنر خیبر کے پی فیصل کریم کنڈی کی ملاقات، اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کی ترقی اور صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود کا سفر جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے ملاقات کی، وزیراعظم ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں صوبے کے مجموعی سیاسی حالات، امن و امان، اور باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وفاقی حکومت خیبر پختونخوا کی ترقی اور صوبے کے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)


کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

پانی کی قلت کا خاتمہ کر کے مستقل حل کیلئے اقدامات کیے جا رہے ہیں، زرک مندوخیل

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی پسماندگی کے خاتمے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں، ایم پی اے

کوئٹہ (جی این ایم) رکن بلوچستان اسمبلی زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور علاقے کی پسماندگی کے خاتمے کیلئے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں، حلقہ انتخاب سمیت کوئٹہ شہر میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا گیا ہے، عوام کو درپیش (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

چھٹیوں پر بیرون ملک جانے والے سرکاری افسران کی سخت نگرانی کا فیصلہ

ایف آئی اے نے ایکس پاکستان رخصتوں کی جانچ پڑتال کا نظام ڈیجیٹل کر دیا

اسلام آباد (جی این ایم) حج، عمرہ یا سیر و تفریح کیلئے بیرون ملک جانے والے سرکاری ملازمین کی سخت نگرانی کا فیصلہ کر لیا گیا ہے، ایف آئی اے نے ایکس پاکستان رخصتوں کی جانچ پڑتال کا نظام ڈیجیٹل کر دیا۔ ایئرپورٹس پر ای این او سی کے کیو آر کوڈ سے تصدیق ہوگی۔ حج و عمرہ کی چھٹی کا غلط استعمال کرنے والے بھی شکنجے میں آئیں گے۔ حج، عمرہ یا سیر و تفریح کیلئے بیرون ملک جانے والے سرکاری ملازمین کی ایکس پاکستان رخصتوں کی سخت جانچ پڑتال کا فیصلہ (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث پٹرول کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے
کا بوجھ کم کرنے کے لئے
مہنگے پٹرول سے نجات کا تاریخی اقدام
وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم
URAAN PAKISTAN
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا



پٹرول 100 روپے فی لیٹر سستا

موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور تین پہیوں والی سواریاں چلانے والے اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے مالکان
ون ٹائم رجسٹریشن کے لئے اپنے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے



REG لکھ کر space دیں
STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں اپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں
STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن، مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہو گی
STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف
اسلام آباد I | آزاد جموں و کشمیر A | گلگت بلتستان G
سندھ S | پنجاب P | خیبر پختونخوا K | بلوچستان B

اسلام آباد میں پٹرول پر ریلیف کا آغاز ہو چکا ہے
ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں آج شب 12 بجے سے پٹرول پر ریلیف حاصل کیا جا سکے گا۔

مزید معلومات کے لیے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR اسکین کریں
وزارت اطلاعات ونشریات حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan www.moib.gov.pk
PID (I) 2542-D/26

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★

روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ

RIO/27/353

ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان

ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران

ایڈیٹر اسرار محمد کھیتران و پبلشر شاہ زمان نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ آفس نمبر 208، اورینٹل پلازہ، ایم اے جناح روڈ، کوئٹہ سے شائع کیا۔

موبائل/ واٹس ایپ نمبر 03327865820/03136823946

ماں اور بچے کی صحت سے متعلق آگاہی مہم

ڈھاڈر میں ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے 14 سے 20 ستمبر تک جاری رہنے والی آگاہی مہم کا آغاز کردیا گیا۔ اس سلسلے میں آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا جس میں محکمہ صحت کے افسران اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ واک میں ڈی ایچ او کچھی ڈاکٹر ایاز احمد قریشی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور محکمہ صحت کے دیگر افسران سمیت متعلقہ نمائندگان شریک ہوئے۔ اس موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر ایاز احمد قریشی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماں اور بچے کی صحت ایک صحت مند اور خوشحال معاشرے کے قیام کے لیے انتہائی اہم ہے، اس لیے خواتین اور بچوں کی صحت کا خصوصی خیال رکھنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آگاہی مہم کا مقصد عوام میں ماں اور بچے کی صحت، مناسب نگہداشت اور صحت سے متعلق ضروری اقدامات کے بارے میں شعور اجاگر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماں اور بچے کی بہتر صحت کے لیے معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

ڈھاڈر میں ماں اور بچے کی صحت کے حوالے سے 14 سے 20 ستمبر تک جاری رہنے والی آگاہی مہم کا آغاز کردیا گیا۔ اس سلسلے میں آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا جس میں محکمہ صحت کے افسران اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ واک میں ڈی ایچ او کچھی ڈاکٹر ایاز احمد قریشی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر اور محکمہ صحت کے دیگر افسران سمیت متعلقہ نمائندگان شریک ہوئے۔

01

تقریبا 1,200 کلو میٹر طویل پائپ لائن سعودی عرب کے مشرقی تیل پیدا کرنے والے علاقوں کو بحیرہ احمر کی بندرگاہ ینبع سے ملاتی ہے۔ اس پائپ لائن کے ذریعے سعودی عرب آبنائے ہرمز کو نظر انداز کرتے ہوئے روزانہ تقریبا 4 سے 5 ملین بیرل خام تیل مغربی ساحل تک پہنچا سکتا ہے۔ سعودی وزارت توانائی کے مطابق ریاض اور مدینہ کے علاقوں میں پائپ لائن کو ڈرون حملوں سے نقصان پہنچا اور بعض افراد بھی زخمی ہوئے جس کے بعد احتیاطی اقدام کے طور پر آپریشن معطل کر دیا گیا۔ سعودی حکام کے مطابق ڈرون حملے عراق کے جنوب مشرقی صوبے میسان سے کیے گئے جو ایرانی سرحد کے قریب ہے، جہاں ایران نواز مسلح گروپوں کی موجودگی رہی ہے۔

02

کہ ریاست اور حکومت ان کی اپنی ہے۔ کوئٹہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے 50 ہزار سے زیادہ کھلی کچہریاں منعقد کی ہیں، جن میں نوجوانوں سمیت عوام کے مسائل سنے گئے اور انہیں حل کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وزیراعلیٰ نوجوانوں کے سامنے آئے ہیں، جہاں نوجوان اپنے منتخب نمائندوں اور وزیراعلیٰ سے براہ راست سوالات کر رہے ہیں۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ نوجوانوں کو اپنی سمت کا خود تعین کرنا ہوگا، ہم ان پر اپنی سوچ یا رائے مسلط کرنے کے بجائے انہیں اپنی بات کہنے اور اپنے مستقبل کے حوالے سے فیصلے کرنے کے مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نوجوانوں میں یہ اعتماد پیدا کرنا ہوگا کہ ریاست اور حکومت ان کی ہے اور ان کے مسائل سنے اور حل کیے جائیں گے۔ پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما نے کہا کہ حکومتی اقدامات اور عوامی رابطے کے نتیجے میں نوجوانوں اور حکومت کے درمیان اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ نوجوانوں کو براہ راست اپنے منتخب نمائندوں اور حکومتی قیادت سے سوال کرنے کے مواقع ملنا مثبت پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک اور صوبے کا مستقبل ہیں، ان کی بات سننے اور انہیں فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنے سے معاشرے میں مثبت تبدیلی اور اعتماد کو مزید فروغ دیا جا سکتا ہے۔

03

کرتے پھر رہے ہیں وہ گلی گلی ڈھونڈ رہے ہیں کہ ایسا واقعہ ہو جائے کہ جس سے فتنہ فساد ہو۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنااللہ نے کہا کہ سہیل آفریدی نے خود کو اغوا کرانے کی کوشش کی اور پولیس وین میں بیٹھ گئے پولیس نے اگلے چوک پر جا کر سہیل آفریدی کو سمجھایا کہ آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں، پولیس نے انہیں بتایا کہ ہمیں آپ کو گرفتار کرنے کا کوئی آرڈر نہیں ہے اگلے چوک پر سہیل آفریدی اتر گئے اور اسی جگہ پر بیٹھ گئے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ سہیل آفریدی کوشش کرتے رہے کہ کوئی ایسا واقعہ ہو جس سے ملک کی بدنامی ہو تاہم حکومت اور پولیس کی کوشش یہی ہے کہ ان کو ایسا کوئی موقع نہ دیا جائے، سہیل آفریدی کو گرفتار کرنے کی باتیں جھوٹ ہیں اسے ڈرامہ بھی کہہ سکتے ہیں سہیل آفریدی سندھ گئے تھے تو وہاں بھی یہی مقصد تھا پنجاب میں بھی یہی چاہتے ہیں جس نوجوان کے گھر سہیل آفریدی گئے جو زخمی ہو گیا تھا انہوں نے ان کی خاطر مدارت کی ہے سہیل آفریدی کو وہاں کہا گیا کہ آپ کو 17 دن بعد ہمارا خیال آیا ہے سہیل آفریدی کے گھر جانے پر جو بچہ ویڈیو بنا رہا تھا اس سے موبائل چھین لیا گیا۔ رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے حوالے سے مجھے کوئی معلومات نہیں ہے پی ٹی آئی کی دوسرے درجے کی قیادت کے انتظامیہ اور ہم سے بھی رابطہ ہے۔ پی ٹی آئی کے بہت سارے دوست چاہتے ہیں کہ کوئی تشدد نہ ہو، پی ٹی آئی کا اصل کراؤڈ پشاور، کے پی سے آئیگا یہ خود کہتے ہیں کہ کے پی میں کالعدم ٹی ٹی پی کے دہشتگرد پائے جاتے ہیں بعض اوقات تو یہ بھی کہتے ہیں کہ مغرب کے بعد سفر محفوظ نہیں ہوتا، یہ چاہتے ہیں کے پی سے ایک جتھہ اسلام آباد کا گھیراؤ اور حکومت گرانے کیلئے چلے، پاکستان میں فتنہ فساد برپا کرنے کیلئے دہشتگردوں کے پاس اس سے اچھا موقع کہاں ہوگا مسلح جتھہ اسلام آباد کی طرف بڑھے گا تو کس طرح وائلنس کو نظرانداز کیا جا سکتا ہے۔

04

لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے ملاقات کی اور حالیہ مون سون سیزن میں شدید بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے پیشگی انتظامات پر بریفنگ دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر ہدایت کی کہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں عوام کو ہر ممکن امداد اور ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے بارشوں کے دوران رابطہ سڑکوں اور پلوں پر ٹریفک کی روانی یقینی بنانے اور امدادی سامان کی ترسیل کیلئے متعلقہ محکموں کے ساتھ روابط بڑھانے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعظم نے این ڈی ایم اے کو متعلقہ صوبائی اداروں اور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز کے ساتھ موثر رابطہ رکھنے کی ہدایت جاری کی۔ ملاقات میں چیئرمین این ڈی ایم اے نے بتایا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر کیے گئے پیشگی انتظامات کے باعث متعلقہ ادارے اس مون سون سیزن کی مؤثر اقدامات کے ساتھ بہتر انداز میں نگرانی کر سکے۔ لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے وزیراعظم کو جاری مون سون سیزن کے متوقع رجحان اور صوبوں اور اداروں کے باہمی تعاون سے جاری مجموعی انتظامات کی صورتحال سے بھی آگاہ کیا۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ملک کے طول و عرض میں کسی بھی ہنگامی موسمی صورتحال کے پیش نظر تمام متعلقہ ادارے ریسکیو اور ریلیف کیلئے تیار ہیں۔

05

ایران کے استحکام کو بھی اہمیت دیتا ہے جبکہ آبنائے ہرمز سے آزادانہ آمدورفت یقینی بنائی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ سے پہلے کی صورتحال بحال کی جانی چاہیے، ترکیہ تمام فریقین سے رابطے میں ہے اور مسئلے کے حل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

06

ہے۔ متعلقہ حکام نے واضح کیا ہے کہ ملازمین کی گرفتاری اور بھرتیوں کی منسوخی سے متعلق دعوے سراسر بے بنیاد ہیں۔ انتظامیہ نے عوام اور سوشل میڈیا صارفین سے اپیل کی ہے کہ اس قسم کی غیر مصدقہ خبروں کو بغیر تحقیق آگے نہ بڑھایا جائے۔

07

ہے، پیوستہ ہفتے زیرگردش کرنسی کا حجم 11.67 ٹریلین روپے رہا تھا۔ جاری مالی سال کے آغاز سے اب تک زیرگردش کرنسی میں مجموعی طور پر 1.4 فیصد کمی ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق 4 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں زر وسیع (ایم ٹو) کا حجم 44.39 ٹریلین روپے ریکارڈ کیا گیا

جو پیوستہ ہفتے کے 43.94 ٹریلین روپے کے مقابلے میں ایک فیصد زیادہ ہے۔ جاری مالی سال کے آغاز سے اب تک ایم ٹو میں مجموعی طور پر 4.4 فیصد کمی ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق 4 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں بینکوں کے مجموعی کھاتوں کا حجم 32.56 ٹریلین روپے ریکارڈ کیا گیا جو پیوستہ ہفتے کے 32.21 ٹریلین روپے کے مقابلے میں 1.2 فیصد زیادہ ہے۔ جاری مالی سال کے آغاز سے اب تک بینکوں کے کھاتوں میں مجموعی طور پر 5.5 فیصد کمی ہوئی۔

08

نے شکایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مختلف روٹس پر ٹرانسپورٹرز اپنی مرضی کے کرائے وصول کر رہے ہیں، جبکہ مسافروں سے مقررہ اور جائز کرائے کے بجائے کئی گنا زیادہ رقم طلب کی جا رہی ہے۔ اضافی کرایوں کے باعث خصوصاً غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے مسافر شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کوئٹہ، بالخصوص ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ زائد کرایوں کی وصولی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور بس اڈوں و ٹرانسپورٹ دفاتر کی چیکنگ کی جائے۔ خلاف ورزی کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی اور ضرورت پڑنے پر ان کے دفاتر سیل کیے جائیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ اندرون بلوچستان تمام روٹس پر کرایوں کی واضح فہرست آویزاں کی جائے اور مسافروں سے صرف مقررہ اور جائز کرایہ وصول کرنے کو یقینی بنایا جائے، تاکہ عوام کو ٹرانسپورٹرز کی من مانی اور اضافی کرایوں سے نجات مل سکے۔

09

ہیں۔ محکمہ کا کہنا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی اور مشینری کے فیلڈ میں آنے کے باعث ان اسامیوں کو غیر ضروری قرار دے کر ختم کیا گیا ہے۔ اسامیوں کی اس تنظیم نو کا بنیادی مقصد محکمے کے انتظامی و مالیاتی ڈھانچے کو وقت کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ غیر ضروری اسامیوں کو برقرار رکھنے کی صورت میں تنخواہوں، پنشن اور دیگر مراعات کی مد میں قومی خزانے پر طویل مدتی مالی بوجھ مزید بڑھ سکتا تھا۔ تاہم واضح کیا گیا ہے کہ 30 سالہ سروس مکمل کرنے والے ملازمین اپنے مکمل ریٹائرمنٹ فوائد کے حقدار ہوں گے، اور تمام ملازمین کے قانونی حقوق اور واجبات کو متعلقہ قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل طور پر یقینی بنایا جائے گا۔ حکومت کا یہ اقدام غیر ضروری اخراجات میں کمی لانے اور سرکاری وسائل کا بہتر اور مؤثر استعمال یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے، جس کے تحت سی اینڈ ڈبلیو کو جدید مشینری اور تکنیکی ضروریات کے مطابق منظم کیا جا رہا ہے۔

10

اثاثوں کی درآمد پر استثنیٰ دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ایف بی آر نے سیلز ٹیکس استثنیٰ سے متعلق فیلڈ فارمیشنز کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ پاکستانی پرچم والے بحری جہاز بھی 2021 تک سیلز ٹیکس سے مستثنیٰ تھے۔ کلب، بزنس اور فرسٹ کلاس ایئر ٹکٹس پر ایف ای ڈی کی شرح معقول کر دی گئی۔ شمالی امریکا کے لیے ایئر ٹکٹ پر فی ٹکٹ 50 ہزار روپے ایکسائز ڈیوٹی مقرر کی گئی ہے جب کہ مشرق وسطیٰ کے لیے ایئر ٹکٹ پر فی ٹکٹ 25 ہزار روپے ایکسائز ڈیوٹی عائد کی گئی ہے۔ یورپ کے لیے ایئر ٹکٹ پر فی ٹکٹ 40 ہزار روپے ایکسائز ڈیوٹی اور کراچی: مشرق بعید اور آسٹریلیا کے لیے فی ٹکٹ 40 ہزار روپے ایکسائز ڈیوٹی مقرر کی گئی ہے۔

11

کی تیل تنصیبات کو خطرات لاحق ہو گئے، برطانیہ کو بھی ممکنہ معاشی نقصان کا خدشہ ہے۔ بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق حوثی حملوں سے سعودی تیل تنصیبات کو خطرہ بڑھنے کے باعث ریاض نے برطانیہ سے فوجی تعاون طلب کیا ہے، برطانوی وزیراعظم سعودی عرب کی عسکری معاونت کی درخواست پر غور کر رہے ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ سعودی عرب نے انصار اللہ کے خلاف اسرائیل سے بھی مدد مانگی ہے۔ اسرائیلی میڈیا نے علاقائی سفارت کاروں کے حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے خلیجی ممالک اور مصر سے باضابطہ جبکہ امریکی سینٹ کام کے ذریعے اسرائیل سے بھی انٹیلی جنس اور دیگر دفاعی معاونت کی اپیل کی ہے تاکہ باب المندب کو بند ہونے سے روکا جا سکے۔ رپورٹس کے مطابق سعودی ولی عہد نے خبردار کیا ہے کہ اس گزرگاہ کی بندش سے عالمی معیشت اور خطے کو ایسٹ ویسٹ پائپ لائن پر منحصر ینبع کی تیل برآمدات رکنے کی صورت میں انتہائی شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ قبل ازیں کشیدہ حالات کے درمیان سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے جدہ میں امریکی سینٹ کام کے سربراہ سے ملاقات کی ہے جس میں پاک و ہند کے قرب و جوار سمیت خطے کی تازہ ترین صورتحال اور دو طرفہ دفاعی تعلقات پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔

12

پرعزم ہیں۔ حلقہ انتخاب کے عوام نے جن امیدوں اور توقعات کے ساتھ ہمیں منتخب کیا، ان کی خواہشات کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ شعیب نوشیروانی نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور علاقے کی محرومیوں کا ازالہ ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ حکومت عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے اور ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ ہمارا مقصد صرف اعلانات کرنا نہیں بلکہ عوام کو عملی طور پر ریلیف فراہم کرنا ہے۔ حلقہ انتخاب کے عوام سے کیے گئے وعدوں کو پورا کرنے کے لیے بھرپور کوششیں جاری رہیں گی۔ عوام کے اعتماد اور محبت کو اپنی طاقت سمجھتے ہیں اور ان کی خدمت کا سفر پوری ذمہ داری کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں، موجودہ حکومت صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، اجتماعی مفاد کے منصوبوں کو ترجیح دی جا رہی ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ پسماندگی اور محرومی کا خاتمہ کیا جا سکے

13

مطابق ملزم امتیاز نے پیسے دینے سے انکار پر اپنے ساتھی طاہر کے ساتھ مل کر اپنی ماں کو چھریوں کے وار کر کے قتل کیا تھا۔ پراسیکیوشن نے عدالت کو بتایا کہ واقعہ یکم اگست 2023 کو تھانہ انقلاب کی حدود میں پیش آیا تھا۔ عدالت نے جرم ثابت ہونے پر امتیاز کو سزائے موت سنا دی، جبکہ ساتھی ملزم طاہر کو روپوش رہنے پر اشتہاری قرار دیتے ہوئے اس کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔

14

پلائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم

کی کامیابی کا راز جامع اور مؤثر مائیکرو پلان میں پوشیدہ ہے، اس لیے مائیکرو پلان کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام اقدامات یقینی بنائے جائیں، تمام ڈپٹی کمشنرز اپنی نگرانی میں انسداد پولیو مہم کو کامیابی سے ہمکنار کریں اور فیلڈ میں ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی کوریج اور سکیورٹی انتظامات کی کڑی نگرانی کی جائے انہوں نے واضح کیا کہ مہم کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی صوبائی حکومت کی جانب سے اس حوالے سے سختی سے تاکید کی گئی ہے جس پر من و عن عملدرآمد یقینی بنایا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ ڈویژنل ٹاسک فورس اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر، اسسٹنٹ کمشنر بشیر احمد، ڈی ایچ او نصیرآباد ڈاکٹر ایاز جمالی سمیت دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز اور متعلقہ افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، جبکہ ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر یاسر نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر صلاح الدین نورزئی نے ہدایت کی کہ پولیو ٹیموں کی بروقت روانگی، فیلڈ میں موجودگی، سکیورٹی کی فراہمی، انکاری والدین کی رہنمائی اور رہ جانے والے بچوں کی فوری طور پر کوریج کو یقینی بنایا جائے تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔

15

بحری اصلاحات نے بندرگاہی آپریشنز بہتر بنانے کے لیے 99 قابل عمل اصلاحاتی اقدامات کی نشاندہی کی، جن میں سے 85 اقدامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ڈریجنگ کے عمل میں خود انحصاری بڑھاتے ہوئے بندرگاہوں کی مطلوبہ گہرائی برقرار رکھنے کی صلاحیت حاصل کر لی گئی ہے، جبکہ ڈریجنگ کی استعداد میں مزید توسیع کر کے بحری جہازوں کی آمدورفت اور کارگو فلو بہتر بنانے کا منصوبہ بھی بنایا گیا ہے۔ بندرگاہی اصلاحات کے نتیجے میں مالی وصولیوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ گزشتہ سال 3 ارب روپے کے مقابلے میں رواں سال 7 ارب روپے ریکور کیے گئے ہیں۔ میری ٹائم ٹاسک فورس کی سفارشات پر طویل عرصے سے رکے ہوئے 2 ہزار سے زائد کنٹینرز کو آف ڈاک ٹرمینلز منتقل کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح برآمد کنندگان کے ڈیوٹی ڈرابیک کلیمز کے 90 فیصد عمل کو آن لائن نظام کے ذریعے خودکار بنایا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ پاکستان سنگل ونڈو کے تحت پورٹ کمیونٹی سسٹم کا ڈیجیٹل فریم ورک تیار کر کے بندرگاہی عمل کو مزید تیز اور شفاف بنایا جا رہا ہے۔ ٹاسک فورس اور وزارت بحری امور کے اقدامات کے نتیجے میں پورٹ کنجیشن میں کمی اور کارگو کلیرنس کے عمل میں نمایاں تیزی آئی ہے۔

16

15 فیصد افراد، صوبائی حکومتوں پر 17 فیصد، بلدیاتی حکومتوں پر 18 فیصد نے اعتماد کیا۔ سروے کے مطابق ایف بی آر، مقامی عدالتوں اور پولیس پر اعتماد کا اظہار کرنے والوں کی شرح 22 فیصد دیکھی گئی۔ سروے میں 18 فیصد نے سرکاری اداروں میں رشوت ستانی کا سامنا کرنے کا کہا، البتہ 77 فیصد نے انکار کیا۔ حیران کن طور پر کرپشن کے خلاف 31 فیصد نے سب سے پہلے پولیس، جس کے بعد 19 فیصد نے نیب، 14 فیصد نے عدالتوں جبکہ 13 فیصد نے ایف آئی اے سے رابطہ کرنے کا کہا، حالانکہ سروے میں پولیس پر اعتماد کرنے والوں کی شرح ایف آئی اے اور نیب سے کم دیکھی گئی۔

17

کا بیان اور فرانزک ڈویژن کے نمائندے فرہاج کے بیانات بھی کمیشن میں جمع کرا دیئے۔ تھانہ فیروز آباد اور گلستان جوہر کے 17 جولائی سے 11 اگست کے درمیان کے روزنامچے بھی سیل شدہ حالت میں کمیشن کے سامنے جمع کرا دیئے گئے۔ علاوہ ازیں تفتیشی افسر ڈی ایس پی سراج لاشاری نے میر رضا کے پارٹنر احسان انیس منشی کا بیان حلفی بھی جوڈیشل کمیشن میں جمع کرا دیا۔

18

ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی گوادر کے نمائندہ وفد سے ملاقات کے دوران کیا۔ خداداد کی سربراہی میں وفد نے ضلع گوادر بالخصوص کلانچ کے زمینداروں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا اور کھاد، زرعی ادویات، ٹریکٹر آورز، سولر سسٹم، بور اور آبپاشی نالیوں سمیت دیگر سہولیات کی فراہمی کی درخواست کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت نے کہا کہ زمینداروں کی تجاویز اور مسائل کو متعلقہ حکام تک پہنچایا جائے گا اور دستیاب وسائل کے مطابق ممکنہ معاونت فراہم کی جائے گی، تاکہ ضلع گوادر میں زرعی سرگرمیوں کو مزید فروغ دیا جا سکے۔

19

کا فوری طور پر خصوصی، جامع اور غیر جانبدارانہ آڈٹ کرایا جائے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومت کی جانب سے تعلیمی اداروں کو کلسٹر بجٹ فراہم کرنے کا بنیادی مقصد اسکولوں کی ضروریات پوری کرنا، طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنا، کلاس رومز اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری، ضروری سامان کی خریداری اور اسکولوں کی مرمت و بحالی کے کاموں کو یقینی بنانا ہے۔ تاہم اگر مختص بجٹ کے استعمال میں شفافیت نہ ہو تو اس کا براہ راست نقصان سرکاری اسکولوں، اساتذہ اور طلبہ کو پہنچتا ہے عوامی حلقوں کے مطابق تحصیل سنی کے مختلف تعلیمی اداروں میں کلسٹر بجٹ کے استعمال اور اخراجات کی تفصیلات کے حوالے سے مکمل معلومات سامنے نہ آنے کے باعث کئی سوالات پیدا ہو رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ مبینہ خورد برد یا مالی بے ضابطگی کے خدشے کو دور کرنے کا واحد مؤثر طریقہ مکمل اور غیر جانبدارانہ آڈٹ ہے جس میں ہر کلسٹر کو جاری کی جانے والی رقم اور اس کے اخراجات کا تفصیلی جائزہ لیا جائے انہوں نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ حکام ہر کلسٹر کا الگ الگ مالی ریکارڈ طلب کر کے بجٹ کی منظوری سے لے کر اخراجات تک تمام مراحل کی جانچ پڑتال کریں۔ خریداری کے بلز، واچرز، اسٹاک رجسٹر، سامان کی تفصیلات، مرمت و بحالی کے کاموں کے ریکارڈ اور دیگر متعلقہ دستاویزات کی بھی مکمل چھان بین کی جائے، جبکہ ضرورت کے مطابق اسکولوں کا موقع پر معائنہ کر کے ریکارڈ میں ظاہر کیے گئے اخراجات اور زمینی صورتحال کا موازنہ کیا جائے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ بعض اوقات سرکاری ریکارڈ میں سامان یا کاموں کی تکمیل ظاہر کر دی جاتی ہے۔

20

روکنے کے اقدام پر ایران کے نمائندے نے شدید احتجاج کیا۔ ایران کے جوہری ایجنسی میں سفیر رضا نجفی نے جنرل کانفرنس میں مندوبین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محمد اسلامی کا ویزا ابتدائی طور پر منظور کر لیا گیا تھا۔ ہماری مکمل اور موثر شرکت میں رکاوٹ ڈال کر رسائی سے انکار، بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے اجلاسوں میں شرکت سے متعلق قانونی فریم ورک کی روح اور شقوں، دونوں کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے اس فیصلے کو رکن ملک کی حیثیت سے ایران کے حقوق کی براہ راست خلاف ورزی قرار دیا۔ رضا نجفی نے کہا ہے کہ ویانا

کی جانب سے محمد اسلامی کو ویزا جاری نہ کرنے کا فیصلہ میزبان ملک کی ذمے داری کی خلاف ورزی ہے۔ ادھر ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ محمد اسلامی کو آسٹریا کا ویزا جاری نہ کرنا ایران کا گلا گھونٹنے کی کوشش ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ محمد اسلامی 2021 میں ایران کی جوہری توانائی تنظیم کے سربراہ مقرر ہونے کے بعد سے آئی اے ای اے کی جنرل کانفرنس میں باقاعدگی سے شرکت اور خطاب کرتے رہے ہیں۔ ایران کا کہنا ہے کہ امریکا نے آئی اے ای اے کانفرنس میں سیاسی دباؤ کے ذریعے آسٹریا سے یہ فیصلہ کروایا ہے۔ ایران نے عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی سے اپنی ایٹمی تنصیبات پر حملوں کی تحقیقات شروع کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ قبل ازیں میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا نے ایران کے جوہری سربراہ محمد اسلامی کو ویانا میں قائم بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ہیڈکوارٹرز میں اس ہفتے ہونے والی سالانہ جنرل کانفرنس میں شرکت سے روک دیا ہے۔ یہ اقدام اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی جانب سے اسنیپ بیک پابندیوں سے استثنیٰ کی درخواست مسترد کیے جانے کے بعد سامنے آیا۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق آسٹریا کی جانب سے ویزا منسوخ کیے جانے کے بعد محمد اسلامی اور ان کے وفد کو 5 روزہ کانفرنس میں شرکت کے لیے اپنا دورہ منسوخ کرنا پڑا۔ رپورٹس کے مطابق ایران کی جوہری توانائی تنظیم کے سربراہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی سفری پابندی کے دائرے میں آتے ہیں، یہ پابندی 2015 سے قبل کے کثیر ملکی اسنیپ بیک طریق کار کے تحت عائد ہے، جسے گزشتہ برس یورپی فریقوں نے دوبارہ نافذ کیا تھا۔ اس پابندی کے تحت رکن ممالک پر لازم ہے کہ وہ ان نامزد ایرانی عہدیداروں کو اپنی حدود میں داخل ہونے یا اپنی سرزمین سے گزرنے کی اجازت نہ دیں جن کا تعلق ایران کے جوہری اور بیلسٹک میزائل پروگراموں سے ہے۔ ایران اور روس دونوں نے اس واقعے کو ایرانی عہدیداروں کے لیے بین الاقوامی سفری ویزے کے حصول میں رکاوٹ ڈالنے کی ایک مربوط کوشش قرار دیا ہے۔

21

پر سامنے آنے والی اس تجویز کا اطلاق ملک بھر کے سرکاری و نجی دفاتر، اسکولوں، کالجوں اور جامعات پر ہوگا۔ اس سلسلے میں مزید بتایا گیا ہے کہ اجلاس میں طے پایا ہے کہ 3 دن ادارے مکمل بند رہیں گے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد ایندھن، بجلی اور انتظامی اخراجات کو کم کر کے مالی وسائل کی بچت کرنا ہے۔ حکام نے تمام متعلقہ محکموں کو نئے شیڈول کی تیاری اور ضابطہ کار وضع کرنے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ نئے نظام میں کچھ عملے کو دفتری حاضری جبکہ کچھ کو ورک فرام ہوم کی سہولت دی جائے گی۔ اس حوالے سے سرکاری نوٹیفکیشن کے بعد حاضری کا حتمی طریقہ کار واضح ہو جائے گا، جس کا مقصد پیٹرولیم قلت کے اثرات کو محدود کرنا ہے۔ واضح رہے کہ اس سلسلے میں تاحال سرکاری سطح پر فیصلے کی توثیق نہیں کی گئی اور نہ ہی کوئی باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، تاہم نجی میڈیا کی ذرائع کے حوالے سے رپورٹس میں حکومتی اجلاس اور اہم فیصلے کی تفصیلات بتائی گئی ہیں۔

22

کہ ریاست اور حکومت ان کی اپنی ہے۔ کوئٹہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ صوبائی حکومت نے 50 ہزار سے زیادہ کھلی کچہریاں منعقد کی ہیں، جن میں نوجوانوں سمیت عوام کے مسائل سنے گئے اور انہیں حل کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ وزیراعلیٰ نوجوانوں کے سامنے آئے ہیں، جہاں نوجوان اپنے منتخب نمائندوں اور وزیراعلیٰ سے براہ راست سوالات کر رہے ہیں۔ نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ نوجوانوں کو اپنی سمت کا خود تعین کرنا ہوگا، ہم ان پر اپنی سوچ یا رائے مسلط کرنے کے بجائے انہیں اپنی بات کہنے اور اپنے مستقبل کے حوالے سے فیصلے کرنے کے مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نوجوانوں میں یہ اعتماد پیدا کرنا ہوگا کہ ریاست اور حکومت ان کی ہے اور ان کے مسائل سنے اور حل کیے جائیں گے۔ پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما نے کہا کہ حکومتی اقدامات اور عوامی رابطے کے نتیجے میں نوجوانوں اور حکومت کے درمیان اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ نوجوانوں کو براہ راست اپنے منتخب نمائندوں اور حکومتی قیادت سے سوال کرنے کے مواقع ملنا مثبت پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان ملک اور صوبے کا مستقبل ہیں، ان کی بات سننے اور انہیں فیصلہ سازی کے عمل میں شامل کرنے سے معاشرے میں مثبت تبدیلی اور اعتماد کو مزید فروغ دیا جا سکتا ہے۔

23

کام کے ٹھیکیدار کو بیس کروڑ روپے کی خطیر رقم جاری کر دی ہے، جس کی وجہ سے یہ اہم ترقیاتی منصوبہ اب کھٹائی میں پڑ چکا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عوامی حلقوں نے اس بات پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے کہ اتنے بڑے عوامی فلاحی منصوبے کو کرپشن کی نذر کر دیا گیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ اس بائے پاس منصوبے کا ٹھیکیدار چمن سے تعلق رکھتا ہے، جس نے مبینہ طور پر ملی بھگت سے بغیر کام مکمل کیے بھاری رقوم بٹور لی ہیں۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سمیت صوبائی وزیر میر سلیم خان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس سنگین اسکینڈل کا فوری طور پر نوٹس لیں۔ عوام کا کہنا ہے کہ ریٹائرڈ ایکسین اور متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور بائے پاس منصوبے کی جلد از جلد شفاف انکوائری کر کے اس کی تکمیل کو یقینی بنایا جائے۔

24

چیئرمین ڈاکٹر میاں عبدالوحید کی جانب سے ان کی تقرری کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ ایڈوائزر برائے چیئرمین اور ویئر پاکستانیز فاؤنڈیشن جاپان اسد نواز نے اعجاز خان کو اہم ذمہ داری ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔

25

مرنے والوں میں 19 لڑکیاں اور 10 لڑکے شامل ہیں۔ مقامی منتظم موئز لوبالا کے مطابق آگ پہلے ایک گھر میں لگی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کر لی اور قریبی دو اسکولوں سمیت دیگر گھروں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا، کئی طلبہ فوراہا سیکنڈری اسکول کے اندر پھنس گئے جو موت کے منہ میں چلے گئے۔ ایک مقامی اسپتال کے اہلکار نے دعویٰ کیا ہے کہ یہاں 50 سے زائد طلبہ کو لایا گیا تھا، جن میں سے 14 بچوں نے علاج کے دوران دم توڑ دیا۔ جبکہ 21 مریض اب بھی آئی سی یو میں زیر علاج ہیں۔ دوسری جانب حکام نے آتشزدگی کی وجوہات جاننے کے لئے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ حکام کے مطابق ہلاک ہونے والے بچوں کی

تدفین کر دی گئی، تدفین کے موقع پر علاقے میں ہر طرف غم اور سوگ کی کیفیت رہی، جبکہ بچوں کے والدین شدت غم سے نڈھال دکھائی دیئے۔ ایک عینی شاہد نے خبر رساں ادارے کو بتایا کہ اس نے 17 لاشیں ایمبولینس میں منتقل کرنے میں مدد کی، جن میں بچوں کے علاوہ کئی مرد بھی شامل تھے۔ ادھر کانگو کی حکومت نے ہولناک آتشزدگی میں ہونے والے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر تعلیم نے متاثرہ خاندانوں سے تعزیت اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ اسکولوں کا جائزہ لینے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ یہ سانحہ گزشتہ ہفتے کے اختتام پر کنشاسا میں پیش آنے والے خوفناک واقعے کے بعد پیش آیا ہے، جہاں شادی کی تقریب کے ہال میں بھگدڑ مچنے سے متعدد افراد ہلاک ہو گئے تھے۔

26

لیے نصب درجنوں جال اکھاڑ دیے۔ کارروائی کے دوران شکار میں استعمال ہونے والے جال اور دیگر آلات قبضے میں لے کر تلف کر دیے گئے۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او عبدالجبار مینگل نے کہا کہ جنگلی حیات کا غیر قانونی شکار کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ کونج، تیتر سمیت دیگر جنگلی پرندوں کے تحفظ کے لیے قانون کے مطابق کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ جنگلی حیات اور قدرتی ماحول کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اس حوالے سے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مشترکہ کارروائی کو شہریوں اور ماحول دوست حلقوں کی جانب سے سراہا گیا ہے۔

27

روہ بارہ ہزاروں فٹ بلند پہاڑ پر چڑھنے کی ویڈیو نے دیکھنے والوں کو تفریح فراہم کر دی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز انٹرویو میں امریکی پائلٹ نے بتایا تھا کہ پیراشوٹ میں خرابی کی وجہ سے طیارے سے گر کر جسم کی ہڈیاں ٹوٹیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شدید زخم آئے اس کے باوجود 7 ہزار فٹ اونچی پہاڑی پر چڑھ کر جان بچائی۔ یاد رہے کہ اپریل میں ایران نے امریکی ایف 15 لڑاکا طیارہ اصفہان کے نزدیک مار گرایا تھا۔

28

طالبات نے جامعہ کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا، جن میں بائنی لیب، جدید آئی ٹی لیبارٹریز، مرکزی لائبریری، گرومنگ اینڈ اموشنل ٹرانسفارمیشن سینٹر (GET)، کیفے ٹیریا، علامہ اقبال آڈیٹوریم اور جناح آئی ٹی حب شامل تھے۔ بائنی لیب میں طالبات نے مختلف نباتاتی نمونوں اور تحقیقی آلات کا مشاہدہ کیا جبکہ آئی ٹی لیبارٹریز اور جناح آئی ٹی حب میں جدید ٹیکنالوجی اور کمپیوٹر سہولیات سے متعلق معلومات فراہم کی گئیں۔ GET سینٹر میں طالبات کو ذہنی و جذباتی نشوونما سے متعلق سرگرمیوں سے آگاہ کیا گیا۔ دورے کے اختتام پر کانفرنس روم میں ایک خصوصی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈاکٹر محمد یونس بلوچ (ڈین، فیکلٹی آف لائف اینڈ سوشل سائنسز)، آفتاب اسلم بلوچ (رجسٹرار جامعہ مکران) اور عطا مہر (اسسٹنٹ ڈائریکٹر، اسٹوڈنٹ افیئرز) نے شرکت کی۔ جامعہ کے عملے نے طالبات سے براہ راست انٹریکشن کیا، ان کے سوالات کے جوابات دیے اور اعلیٰ تعلیم کے حصول، مضامین کے انتخاب کے طریقہ کار، جامعہ میں داخلے کے طریقہ کار اور طلبہ کے لیے دستیاب سہولیات کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے رجسٹرار یونیورسٹی آف مکران نے طالبات کو یقین دہانی کرائی کہ وائس چانسلر کی ہدایات کی روشنی میں یونیورسٹی آف مکران ہمیشہ علاقے کے طلبا و طالبات کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھے گی اور خطے میں تعلیم کے فروغ کیلئے تمام ممکنہ سہولیات کی فراہمی جاری رکھے گی۔ اس تعلیمی دورے کا بنیادی مقصد کالج کی طالبات کو اعلیٰ تعلیمی اداروں کے تعلیمی و تحقیقی ماحول سے متعارف کروانا اور انہیں مستقبل میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے حوصلہ افزائی فراہم کرنا تھا۔ اس نوعیت کے دورے طالبات میں تعلیمی رجحان کو فروغ دینے اور جامعات کی سہولیات سے آگاہی پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

29

بادینی، ایس ایچ او خاران سٹی ریاض احمد مینگل اور ایس ایچ او صدر سید سدھیر احمد شاہ مشترکہ طور پر کر رہے ہیں۔؟ اس بھرتی مہم میں ضلع خاران سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں باصلاحیت اور پرعزم نوجوانوں نے حصہ لیا۔ خاران میں پولیس سپاہی (کانسٹیبل) کی مجموعی طور پر 72 نشستوں کے لیے امیدواروں کے درمیان سخت مقابلہ دیکھنے میں آیا۔ تمام امیدواروں کو شفافیت کے اصولوں کے مطابق جسمانی آزمائش (دوڑ)، تحریری امتحان اور حتمی انٹرویو کے مراحل سے گزارا جا رہا ہے۔ ڈی آئی جی رخشان رینج عبدالحئی بلوچ نے خود تمام مراحل اور انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے کہا؟ کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی) بلوچستان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں صوبہ بھر کی طرح خاران میں بھی بھرتی کا پورا عمل سو فیصد میرٹ، شفافیت اور غیر جانبدارانہ اصولوں کی بنیاد پر استوار کیا گیا ہے۔ کسی بھی قسم کی سفارش یا ناانصافی کی بالکل گنجائش نہیں ہے تاکہ حقدار اور قابل نوجوانوں کو پولیس فورس کا حصہ بننے کا پورا موقع مل سکے۔؟ اس موقع پر پولیس حکام کا کہنا تھا کہ جدید تربیت اور میرٹ پر آنے والے نوجوان خاران میں امن و امان کی بحالی، شہریوں کے جانی و مالی تحفظ اور قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ شفاف اور منظم طریقے سے جاری اس بھرتی عمل پر مقامی شہریوں اور امیدواروں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے محکمہ پولیس کے اعلیٰ حکام کے اس اقدام کو سراہا ہے۔

30

مطابق پٹرول پمپس پر رعایتی قیمت کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ڈیش بورڈ کے ذریعے سخت مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، جبکہ حکومتی ریلیف عوام تک پہنچانے کے لیے رجسٹریشن کا آسان نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ عرفان نواز میمن نے کہا کہ حکومتی ریلیف عوام تک پہنچانے کے لیے ہر فیول اسٹیشن کو پابند بنایا گیا ہے۔ ریلیف سکیم کی آگاہی کے حوالے سے تمام پٹرول پمپس پر اشتہارات بھی آویزاں کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ گھر بیٹھے آسان رجسٹریشن کے بعد شہری حکومتی ریلیف سکیم سے باآسانی مستفید ہو سکتے ہیں۔

31

نامعلوم چوروں نے بھیڑ چرا لی تھی۔ چوری کی بروقت اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او محفوظ علی کھوسو اپنی پولیس ٹیم اور دیگر افسران کے ہمراہ فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے۔ پولیس نے عجلت میں کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ بھیڑ بحفاظت برآمد کر کے تینوں ملزمان کو دبوچ لیا، جبکہ اس حوالے سے مزید تفتیش بھی شروع کر دی گئی ہے۔ پولیس کی اس فوری اور مستعد کارروائی پر مقامی عوام اور اعلیٰ افسران نے اطمینان کا اظہار کیا ہے، اور ملزمان کی فوری گرفتاری اور مال مسروقہ کی برآمدگی پر پولیس ٹیم کو مبارکباد

دیتے ہوئے ان کی کارکردگی کی بھرپور تعریف کی ہے۔

32

بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستانی سفارتکار کی جانب سے موقف پیش کیے جانے پر بھارتی سفارتکار نے اعتراضات اٹھائے، تاہم عدیل ممتاز کھوکھر نے ان اعتراضات کا انتہائی مدلل جواب دیتے ہوئے تمام بھارتی دعوے سرے سے مسترد کر دیے، جس پر بھارتی سفارتکار شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہو گئے۔ اس کے علاوہ پاکستانی سفارتکار نے اپنے خطاب میں مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فورسز کے جاری مظالم اور انسانی حقوق کی سنگین پامالیوں کا معاملہ بھی شدومد کے ساتھ اٹھایا۔

33

، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر و دیگر افسران کے ہمراہ ہاربر جیٹی گوادر کا دورہ کیا، جہاں ماہی گیروں کے زیر استعمال جالوں کے سائز کا جائزہ لیا گیا۔ فشریز حکام نے ممنوعہ و غیر ممنوعہ جالوں کی جانچ کرتے ہوئے سمندری حیات کے تحفظ اور پائیدار ماہی گیری کے فروغ کے لیے قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

34

بندش کے اثرات سے دوچار ہے، ایسے میں باب المندب کو آبنائے ہرمز کی موجودہ صورتحال میں شامل نہیں کیا جانا چاہیے۔ وزارت خارجہ کے مطابق بحیرہ احمر کے جنوبی راستے کی بندش کے اثرات پہلے ہی نظر آنا شروع ہو گئے ہیں، اس لیے خطے میں مزید کشیدگی اور اہم بحری راستوں کی بندش سے عالمی سطح پر سنگین معاشی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

35

جائیں، لائسنس کے اجراء و رجسٹریشن کے عمل میں قانونی تقاضوں کو ملحوظ رکھا جائے اور ماہی گیروں کو بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے انہوں نے دفتر کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسٹاف کو ہدایت کی کہ عوامی خدمت اور ماہی گیر دوست پالیسی کے تحت اپنی ذمہ داریاں مزید مؤثر انداز میں انجام دیں۔ انہوں نے اسٹاف کو اپنے مکمل تعاون اور ہر ممکن معاونت کی یقین دہانی بھی کرائی اس موقع پر ڈائریکٹر میرین احمد ندیم، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر شاہ فہد اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر صغیر زمان سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

36

نوجوانوں کیلئے منعقدہ خصوصی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مکہ معاہدے سے متعلق مثبت پیش رفت سے آگاہ کیا۔ رجب طیب اردوان نے کہا کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ نے مل کر قدم اٹھایا ہے، مثبت پیشرفت ہو رہی ہے اور ہم اس میں کامیاب ہوں گے۔ ترک صدر کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز میں جو کچھ ہو رہا ہے ہم اسے بغور دیکھ رہے ہیں، نا صرف ہرمز بلکہ خلیج کے بہت سے حصوں میں سنجیدہ نوعیت کی مشکلات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ اسلامی دنیا کو درپیش مشکلات پر قابو پانے میں مدد کرنا چاہتا ہے اور اس مقصد کے لئے خطے میں اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے تاکہ ان چیلنجز سے جلد از جلد نمٹا جا سکے۔ ترک صدر نے مزید کہا کہ اس معاملے کو معمولی نہیں سمجھا جا سکتا۔

37

انتظامیہ کی جانب سے یہ کارروائی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوراب سلمان علی بلیدی اور اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی بلوچ کی قیادت میں عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران شہر میں قائم مختلف پٹرول پمپس کا معائنہ کیا گیا اور وہاں پٹرولیم مصنوعات کی فروخت سے متعلق اجازت ناموں، لائسنسز اور دیگر ضروری قانونی دستاویزات کی جانچ پڑتال کی گئی، انتظامی ٹیم نے پٹرول پمپس پر موجود ریکارڈ اور قانونی حیثیت کا تفصیلی جائزہ لیا، جبکہ ضابطوں اور مقررہ شرائط کی خلاف ورزی کرنے والے مراکز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں بند کر دیا گیا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق غیر مجاز طریقے سے پٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت نہ صرف قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے شہریوں کی سلامتی اور املاک کو بھی ممکنہ خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، ضلعی انتظامیہ نے اس موقع پر واضح کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی فرد، کاروباری ادارے یا پٹرول پمپ کو رعایت نہیں دی جائے گی اور غیر قانونی و غیر مجاز پٹرولیم مصنوعات کی فروخت کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ بلاامتیاز جاری رکھا جائے گا۔

38

، نادرا آفس گدر میں افسران اور عملہ عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ب فارم، قومی شناختی کارڈ اور دیگر ضروری شناختی دستاویزات کے اجرا اور متعلقہ امور کی تکمیل کے لیے سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ بالخصوص دور دراز اور پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کے لیے مقامی سطح پر نادرا کی سہولت کسی نعمت سے کم نہیں، کیونکہ انہیں معمولی نوعیت کے کام کے لیے بھی طویل سفر اور اضافی اخراجات کی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے، عوامی حلقوں کے مطابق نادرا آفس گدر میں شہریوں کی مشکلات کو سنجیدگی سے سنا جا رہا ہے، انہیں ضروری رہنمائی فراہم کی جا رہی ہے اور شناختی دستاویزات کے حصول کے عمل کو ممکنہ حد تک آسان اور منظم بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، یہ طرز عمل نہ صرف عوام کے لیے سہولت کا باعث بن رہا ہے بلکہ سرکاری اداروں اور شہریوں کے درمیان اعتماد کے رشتے کو بھی مضبوط کر رہا ہے۔

39

بڑی تعداد نے اپنے مسائل اور تجاویز پیش کیں کھلی کچہری میں تعلیم، صحت، صاف پانی، بجلی، ماہی گیری، امن و امان، سڑکوں، ڈرینج، انٹرنیٹ اور کوسٹل ہائی وے سے متعلق مسائل زیر بحث آئے۔ شہریوں نے بالخصوص اسکولوں میں سائنس و ریاضی کے اساتذہ کی کمی، درسی کتب اور کمپیوٹر سہولیات کی فراہمی، بنیادی طبی سہولیات کی بہتری، سربندن کلورٹ کی تعمیر و بحالی اور ڈرینج و سیوریج نظام کی بہتری کا مطالبہ کیا شہریوں نے کوسٹل ہائی وے پر تیز رفتاری اور خطرناک اوورٹیکنگ کی روک تھام اور انٹرنیٹ سروسز میں بہتری کے لیے بھی مؤثر اقدامات کی درخواست کی۔ حکام نے متعدد مسائل کے فوری حل کے احکامات جاری کرتے ہوئے متعلقہ محکموں کو دیگر شکایات پر ترجیحی بنیادوں پر کارروائی اور بروقت ازالے کی ہدایت کی۔ کھلی کچہری میں ضلعی آفیسر تعلیم برائے خواتین زرا خاتون، ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر وہاب مجید، ایڈیشنل ضلعی آفیسر صحت ڈاکٹر عبدالوحد سمیت مختلف محکموں کے افسران اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر سرکاری سہولیات کی فراہمی، شکایات کا فوری

ازالہ اور انتظامیہ و عوام کے درمیان براہ راست رابطے کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کرتے ہوئے قواعد و ضوابط کے مطابق مؤثر اور عملی اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

40

کی مجموعی تعداد صرف چار رہی، جبکہ اتوار کو یہ تعداد 10 تھی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق اس آبی گزرگاہ سے دو بلک کیریئر جہاز باہر نکلے، جن میں سے ایک پر مال لدا ہوا تھا جبکہ دوسرا خالی تھا۔ اسی دوران دو آئل ٹینکر بھی پیر کو آبنائے ہرمز میں داخل ہوئے اور دونوں خالی تھے۔ ان اعداد و شمار میں ایسے جہاز شامل نہیں ہیں جنھوں نے شناخت سے بچنے کیلئے اپنا خودکار شناختی نظام (اے آئی ایس) بند کر رکھا ہو۔

41

دستیابی اور محفوظ رکھنے کے انتظامات بھی چیک کیے گئے۔ ضلعی ناظم صحت نے ایم سی ایچ سنٹر کنی کا بھی دورہ کیا، جہاں اسٹاف کی حاضری اور ڈیوٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر محمد حسن ڈوکی نے متعلقہ اسٹاف کو ہدایت کی کہ تمام ریکارڈ باقاعدگی سے اپ ڈیٹ رکھے جائیں، ویکسین کی دستیابی اور کولڈ چین کا مؤثر انتظام یقینی بنایا جائے اور مریضوں کو بروقت بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ صحت مراکز کی کارکردگی، اسٹاف کی حاضری اور ویکسین کے انتظامات میں بہتری کے ذریعے عوام کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔

42

جاری کر دیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق صوبے کے تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے جمعہ اور ہفتہ بند رہیں گے، جبکہ باقی 5 دن تعلیمی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ محکمہ تعلیم کے مطابق یہ فیصلہ 2 ماہ تک نافذ العمل رہے گا۔ فیصلے کا مقصد پیٹرولیم بحران کے دوران ایندھن کی بچت اور آمدورفت سے متعلق مشکلات کو کم کرنا ہے۔ حکام کے مطابق فیصلے پر عمل درآمد صوبے کے تمام متعلقہ سرکاری و نجی تعلیمی اداروں پر ہوگا۔

43

لگنے کی اطلاع ملی، جس کے نتیجے میں جہاز کا انجن روم اور دیگر حصے متاثر ہوئے۔ حادثے کے وقت بحری جہاز پر 25 افراد پر مشتمل عملہ موجود تھا، جن میں سے 23 کریو ممبرز کو ریسکیو کر لیا گیا۔ اہلخانہ کا کہنا ہے کہ حادثے کے وقت حماد عبیدہ کی ڈیوٹی رات کی شفٹ میں انجن روم میں تھی۔ کریو ممبرز نے بتایا کہ انجن روم میں موجود افراد کے زندہ بچنے کے امکانات انتہائی کم تھے۔ حماد عبیدہ زندہ ہیں یا حادثے میں جاں بحق ہوئے، اس حوالے سے تاحال کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔ اہلخانہ کے مطابق فارن آفس اور میری ٹائم سکیورٹی ایجنسی نے کرائسس مینجمنٹ سیل سے رابطے کے باوجود حماد عبیدہ کا سراغ نہیں مل سکا۔ دو روز گزرنے کے باوجود حماد عبیدہ کے حوالے سے حکومتی سطح پر بھی کوئی معلومات نہیں مل سکیں۔ حماد عبیدہ کے اہلخانہ نے حکومت پاکستان اور متعلقہ اداروں سے عمان حکام سے رابطہ کر کے ان کی تلاش یقینی بنانے کی اپیل کی ہے۔ اہلخانہ کا کہنا ہے کہ اگر حماد عبیدہ جاں بحق ہو چکے ہیں تو ان کی میت کی ریکوری کرائی جائے اور حکومت پاکستان فوری مدد کرتے ہوئے حماد عبیدہ کی تلاش یقینی بنائے۔

44

اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاران عمر جمالی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں خاران کے ٹرانسپورٹرز نے شرکت کی۔؟ اجلاس میں مسافروں کو سفری سہولیات کی عدم فراہمی، من مانے کرائے وصول کرنے اور کچے راستوں پر مسافروں کو درپیش خطرات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ٹرانسپورٹرز نے انتظامیہ کی اجازت کے بغیر کرایوں میں اضافے پر باقاعدہ معذرت کی اور اپنے معاشی چیلنجز سامنے رکھے۔ انہوں نے بتایا کہ سرحد (بارڈر) کی بندش کے باعث مقامی مارکیٹ میں ڈیزل کی فی لیٹر قیمت میں یکدم 100 روپے کا بڑا اضافہ ہو چکا ہے۔ علاوہ ازیں، مرکزی شاہراہوں کی بندش اور رکاوٹوں کی وجہ سے گاڑیوں کو طویل اور دشوار گزار کچے راستوں سے گزرنا پڑ رہا ہے، جس سے ایندھن کی کھپت اور گاڑیوں کی ٹوٹ پھوٹ میں اضافہ ہوا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاران عمر جمالی نے واضح کیا کہ انتظامیہ کو ٹرانسپورٹرز کے مسائل کا ادراک ہے، لیکن عوام پر یکطرفہ اور بوجھ ڈالنے کی اجازت ہرگز نہیں دی جا سکتی۔ ضلعی انتظامیہ کی پیشگی منظوری اور سرکاری نوٹیفکیشن کے بغیر کرایہ بڑھانا قانوناً جرم ہے۔ اجلاس میں باہمی مشاورت کے بعد انتظامیہ نے مسافروں اور ٹرانسپورٹرز دونوں کے مفادات کا توازن برقرار رکھتے ہوئے درج ذیل عارضی کرائے مقرر کر دیے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاران عمر جمالی نے تمام ٹرانسپورٹرز کو ہدایات جاری کی کہ وہ مقررہ کرایہ نامے کا نوٹیفکیشن جاری کی جائے گی جبکہ اگر کسی بھی ٹرانسپورٹرز نے زائد کرایہ وصول کی تو اس کے خلاف قانون کے مطابق بھاری جرمانے عائد کیا جائے گی

45

کے مطابق یونیورسٹی میں اے ڈی (AD)، بی ایس (BS)، بی ایڈ (B.Ed)، ایم ایس (MS) اور پی ایچ ڈی (PhD) کے مختلف پروگراموں میں داخلے جاری ہیں۔ ان پیش کردہ پروگراموں میں نمایاں شعبے درج ذیل ہیں: بی ایس پروگرامز: 4 سالہ بی ایس کمپیوٹر سائنس، بی ایس کمپیوٹر سائنس (آرٹیفیشل انٹیلی جنس AI)، بی بی اے، اکنامکس، ایجوکیشن، کامرس، کیمسٹری، زوولوجی اور انگلش۔ دیگر کورسز: پوسٹ ایسوسی ایٹ پروگرامز، ایم ایس مینجمنٹ سائنسز، ایم ایس کیمسٹری اور پی ایچ ڈی مینجمنٹ سائنسز۔ خواہش مند امیدوار اپنی آن لائن درخواستیں یونیورسٹی کی سرکاری ویب سائٹ ug.edu.pk کے ذریعے باآسانی جمع کرا سکتے ہیں، جبکہ داخلہ فارم اور دیگر ضروری ہدایات ug.edu.pk/downloads سے براہ راست ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

46

*ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن** نے فوری کارروائی کے احکامات جاری کیے، جس پر **ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد داد کھوسہ** کی نگرانی میں پولیس ٹیموں نے واقعے کی تحقیقات اور بچے کی بازیابی کے لیے کارروائی کا آغاز کر دیا۔ پولیس کی مسلسل کوششوں اور بروقت اقدامات کے نتیجے میں نومولود بچے کو چند گھنٹوں کے اندر بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔ بچے کی بازیابی پر والدین اور اہل خانہ نے پولیس کی فوری کارروائی کو سراہا۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے میں ملوث افراد کی شناخت اور گرفتاری کے لیے تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا گیا ہے جبکہ شواہد اکٹھے کر کے مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ ضروری ہے۔

47

تقریبا 1,200 کلو میٹر طویل پائپ لائن سعودی عرب کے مشرقی تیل پیدا کرنے والے علاقوں کو بحیرہ احمر کی بندرگاہ ینبع سے ملاتی ہے۔ اس پائپ لائن کے ذریعے سعودی عرب آبنائے ہرمز کو نظر انداز کرتے ہوئے روزانہ تقریبا 4 سے 5 ملین بیرل خام تیل مغربی ساحل تک پہنچا سکتا ہے۔ سعودی وزارت توانائی کے مطابق ریاض اور مدینہ کے علاقوں میں پائپ لائن کو ڈرون حملوں سے نقصان پہنچا اور بعض افراد بھی زخمی ہوئے جس کے بعد احتیاطی اقدام کے طور پر آپریشن معطل کر دیا گیا۔ سعودی حکام کے مطابق ڈرون حملے عراق کے جنوب مشرقی صوبے میسان سے کیے گئے جو ایرانی سرحد کے قریب ہے، جہاں ایران نواز مسلح گروپوں کی موجودگی رہی ہے۔

48

کرتے پھر رہے ہیں وہ گلی گلی ڈھونڈ رہے ہیں کہ ایسا واقعہ ہو جائے کہ جس سے فتنہ فساد ہو۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنااللہ نے کہا کہ سہیل آفریدی نے خود کو اغوا کرانے کی کوشش کی اور پولیس وین میں بیٹھ گئے پولیس نے اگلے چوک پر جا کر سہیل آفریدی کو سمجھایا کہ آپ ایسا کیوں کر رہے ہیں، پولیس نے انہیں بتایا کہ ہمیں آپ کو گرفتار کرنے کا کوئی آرڈر نہیں ہے اگلے چوک پر سہیل آفریدی اتر گئے اور اسی جگہ پر بیٹھ گئے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ سہیل آفریدی کوشش کرتے رہے کہ کوئی ایسا واقعہ ہو جس سے ملک کی بدنامی ہو تاہم حکومت اور پولیس کی کوشش یہی ہے کہ ان کو ایسا کوئی موقع نہ دیا جائے، سہیل آفریدی کو گرفتار کرنے کی باتیں جھوٹ ہیں اسے ڈرامہ بھی کہہ سکتے ہیں سہیل آفریدی سندھ گئے تھے تو وہاں بھی یہی مقصد تھا پنجاب میں بھی یہی چاہتے ہیں جس نوجوان کے گھر سہیل آفریدی گئے جو زخمی ہو گیا تھا انہوں نے ان کی خاطر مدارت کی ہے سہیل آفریدی کو وہاں کہا گیا کہ آپ کو 17 دن بعد ہمارا خیال آیا ہے سہیل آفریدی کے گھر جانے پر جو بچہ ویڈیو بنا رہا تھا اس سے موبائل چھین لیا گیا۔ رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے حوالے سے مجھے کوئی معلومات نہیں ہے پی ٹی آئی کی دوسرے درجے کی قیادت کے انتظامیہ اور ہم سے بھی رابطہ ہے۔ پی ٹی آئی کے بہت سارے دوست چاہتے ہیں کہ کوئی تشدد نہ ہو، پی ٹی آئی کا اصل کراؤڈ پشاور، کے پی سے آئیگا یہ خود کہتے ہیں کہ کے پی میں کالعدم ٹی ٹی پی کے دہشتگرد پائے جاتے ہیں بعض اوقات تو یہ بھی کہتے ہیں کہ مغرب کے بعد سفر محفوظ نہیں ہوتا، یہ چاہتے ہیں کے پی سے ایک جتھہ اسلام آباد کا گھیراؤ اور حکومت گرانے کیلئے چلے، پاکستان میں فتنہ فساد برپا کرنے کیلئے دہشتگردوں کے پاس اس سے اچھا موقع کہاں ہوگا مسلح جتھہ اسلام آباد کی طرف بڑھے گا تو کس طرح وائلنس کو نظرانداز کیا جا سکتا ہے۔

49

لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے ملاقات کی اور حالیہ مون سون سیزن میں شدید بارشوں اور ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے پیشگی انتظامات پر بریفنگ دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر ہدایت کی کہ بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں عوام کو ہر ممکن امداد اور ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے بارشوں کے دوران رابطہ سڑکوں اور پلوں پر ٹریفک کی روانی یقینی بنانے اور امدادی سامان کی ترسیل کیلئے متعلقہ محکموں کے ساتھ روابط بڑھانے کی ہدایت بھی کی۔ وزیراعظم نے این ڈی ایم اے کو متعلقہ صوبائی اداروں اور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز کے ساتھ موثر رابطہ رکھنے کی ہدایت جاری کی۔ ملاقات میں چیئرمین این ڈی ایم اے نے بتایا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر کیے گئے پیشگی انتظامات کے باعث متعلقہ ادارے اس مون سون سیزن کی مؤثر اقدامات کے ساتھ بہتر انداز میں نگرانی کر سکے۔ لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے وزیراعظم کو جاری مون سون سیزن کے متوقع رجحان اور صوبوں اور اداروں کے باہمی تعاون سے جاری مجموعی انتظامات کی صورتحال سے بھی آگاہ کیا۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ملک کے طول و عرض میں کسی بھی ہنگامی موسمی صورتحال کے پیش نظر تمام متعلقہ ادارے ریسکیو اور ریلیف کیلئے تیار ہیں۔

50

ایران کے استحکام کو بھی اہمیت دیتا ہے جبکہ آبنائے ہرمز سے آزادانہ آمدورفت یقینی بنائی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ سے پہلے کی صورتحال بحال کی جانی چاہیے، ترکیہ تمام فریقین سے رابطے میں ہے اور مسئلے کے حل کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔

51

ہے۔ متعلقہ حکام نے واضح کیا ہے کہ ملازمین کی گرفتاری اور بھرتیوں کی منسوخی سے متعلق دعوے سراسر بے بنیاد ہیں۔ انتظامیہ نے عوام اور سوشل میڈیا صارفین سے اپیل کی ہے کہ اس قسم کی غیر مصدقہ خبروں کو بغیر تحقیق آگے نہ بڑھایا جائے۔

52

ہے، پیوستہ ہفتے زیرگردش کرنسی کا حجم 11.67 ٹریلین روپے رہا تھا۔ جاری مالی سال کے آغاز سے اب تک زیرگردش کرنسی میں مجموعی طور پر 1.4 فیصد کمی ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق 4 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں زر وسیع (ایم ٹو) کا حجم 44.39 ٹریلین روپے ریکارڈ کیا گیا جو پیوستہ ہفتے کے 43.94 ٹریلین روپے کے مقابلے میں ایک فیصد زیادہ ہے۔ جاری مالی سال کے آغاز سے اب تک ایم ٹو میں مجموعی طور پر 4.4 فیصد کمی ہوئی۔ اعداد و شمار کے مطابق 4 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں بینکوں کے مجموعی کھاتوں کا حجم 32.56 ٹریلین روپے ریکارڈ کیا گیا جو پیوستہ ہفتے کے 32.21 ٹریلین روپے کے مقابلے میں 1.2 فیصد زیادہ ہے۔ جاری مالی سال کے آغاز سے اب تک بینکوں کے کھاتوں میں مجموعی طور پر 5.5 فیصد کمی ہوئی۔

53

نے شکایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مختلف روٹس پر ٹرانسپورٹرز اپنی مرضی کے کرائے وصول کر رہے ہیں، جبکہ مسافروں سے مقررہ اور جائز کرائے کے بجائے کئی گنا زیادہ رقم طلب کی جا رہی ہے۔ اضافی کرایوں کے باعث خصوصاً غریب اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے مسافر شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کوئٹہ، بالخصوص ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سے مطالبہ کیا ہے کہ زائد کرایوں کی وصولی کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ٹرانسپورٹرز کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور بس اڈوں و ٹرانسپورٹ دفاتر کی چیکنگ کی جائے۔ خلاف ورزی کرنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی اور ضرورت پڑنے پر ان کے دفاتر سیل کیے جائیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ اندرون بلوچستان تمام روٹس پر کرایوں کی واضح فہرست آویزاں کی جائے اور مسافروں سے صرف مقررہ اور جائز کرایہ وصول کرنے کو یقینی بنایا جائے، تاکہ عوام کو ٹرانسپورٹرز کی من مانی اور اضافی کرایوں سے نجات مل سکے۔

کوئٹہ سے اندرون بلوچستان جانے والی ٹرانسپورٹ کے ڈبل کرائے

مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا، صرف مقررہ اور جائز کرایہ وصول کرنے کو یقینی بنایا جائے، شہری

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ سے اندرون بلوچستان مختلف اضلاع کو جانے والی ٹرانسپورٹ کی جانب سے مبینہ طور پر مسافروں سے ڈبل کرائے وصول کیے جانے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات اور اضافی مالی بوجھ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ عوامی حلقوں (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

کوئٹہ، محکمہ مواصلات وتعمیرات (C&W) کا بڑا اقدام، 5 ہزار غیر ضروری اسامیاں ختم

مزید 1500 اسامیاں ختم کرنے کا عمل جاری، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے مالیاتی ڈھانچے کو بہتر بنایا جارہا ہے

کوئٹہ (جی این ایم) محکمہ مواصلات و تعمیرات (C&W) نے مالیاتی بوجھ کم کرنے اور انتظامی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے 5 ہزار غیر ضروری اسامیاں ختم کر دی ہیں، جبکہ مزید 1500 اسامیاں ختم کرنے کا عمل بھی جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق سی اینڈ ڈبلیو کی جانب سے ختم کی جانے والی یہ اسامیاں کل 74 مختلف کیٹیگریز سے تعلق رکھتی (باقی صفحہ 3 نمبر 9)



کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری قانون، سیاحت وثقافت نوابزادہ میر محمد زرین خان مگسی سے بی این پی عوامی کے مرکزی صدر اور رکن صوبائی اسمبلی میر اسد اللہ بلوچ ملاقات کررہے ہیں

حوثی حملوں سے سعودی تیل تنصیبات کو خطرہ، برطانیہ سے فوجی تعاون طلب

برطانوی وزیراعظم سعودی عسکری معاونت کی درخواست پر غور کررہے ہیں، بلومبرگ

واشنگٹن، تل ابیب (جی این ایم) سعودی عرب نے تیل تنصیبات کے تحفظ اور حوثیوں کے خلاف عسکری مدد کیلئے برطانیہ سے رابطہ کیا ہے۔ حوثی حملوں کے باعث سعودی عرب (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

پیسے نہ دینے پر ماں کو قتل کرنے والے بیٹے کو سزائے موت

عدالت نے ساتھی ملزم طاہر کو روپوش رہنے پر اشتہاری قرار دیتے ہوئے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے

پشاور (جی این ایم) سیشن کورٹ نے پیسے نہ دینے پر ماں کو قتل کرنے کا جرم ثابت ہونے پر ملزم امتیاز کو سزائے موت سنادی۔ مقدمے کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج رفیع اللہ نے کی، عدالت نے فریقین کے دلائل کے بعد ملزم امتیاز کو سزائے موت کا حکم سنایا۔ پراسیکیوشن کے (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

انسداد پولیو مہم کے انتظامات کو حتمی شکل دی جائے، کمشنر نصیرآباد

مہم کے دوران کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، صلاح الدین نورزئی

نصیرآباد (خ ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے کہا ہے کہ نصیرآباد ڈویژن میں شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تمام تر انتظامات کو حتمی شکل دی جائے، ڈویژن بھر کی 126 یونین کونسلز میں 4 لاکھ 13 ہزار 788 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

اوستہ محمد سول ہسپتال سے مبینہ اغواء ہونے والا نومولود بچہ چند گھنٹوں میں بازیاب

عوام کی جان ومال کی تحفظ ہماری ذمہ داری ہے وہ تعاون کریں' ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر

اوستہ محمد (جی این ایم) ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد نے فوری اور موثر کارروائی کرتے ہوئے سول ہسپتال اوستہ محمد سے مبینہ طور پر اغواء ہونے والے نومولود بچے کو چند ہی گھنٹوں میں بحفاظت بازیاب کرلیا۔ پولیس کی بروقت کارروائی کے بعد نومولود بچے کو والدین کے حوالے کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق سول ہسپتال سے نومولود بچے کے مبینہ اغواء کی اطلاع ملتے ہی (باقی صفحہ 3 نمبر 46)

خاران: ٹرانسپورٹرز کی جانب سے کرایوں میں من مانے اضافے کا نوٹس

بغیر نوٹیفکیشن زائد کرایہ وصول کرنے والے ٹرانسپورٹرز پر بھاری جرمانے عائد کرنے کی وارننگ

خاران (محمد عیسیٰ محمد حسنی) بارڈر کی صورتحال اور ایندھن کے بحران کو بہانہ بنا کر عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنے والے ٹرانسپورٹرز کے خلاف ضلعی انتظامیہ خاران نے گھیرا تنگ کر دیا۔ خاران سے کوئٹہ اور دیگر ملحقہ اضلاع کے روٹس پر ٹرانسپورٹ کرایوں میں من مانے اور غیر قانونی اضافے پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش اور بے چینی پائی جارہی تھی۔ ان عوامی شکایات کا فوری اور ازخود نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کی خصوصی ہدایت پر ایک ہنگامی (باقی صفحہ 3 نمبر 44)



کوئٹہ، مسلم لیگ (ن) کے ایم پی اے زرک خان مندوخیل نیچاری میں ترقیاتی کام کا افتتاح کررہے ہیں

بارکھان: ضلعی ناظم صحت کا بی ایچ یو رکنی کی ایوننگ شفٹ کا اچانک دورہ

ڈاکٹر محمد حسن ڈوکی کی جانب سے ویکسین کی کولڈ چین اور آئی ایل آر کا معائنہ

بارکھان/رکنی (خ ن) ضلعی ناظم صحت بارکھان ڈاکٹر محمد حسن ڈوکی نے بنیادی مرکز صحت (BHU) رکنی کی ایوننگ شفٹ کا اچانک دورہ کیا اور مرکز صحت کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے دوران ای پی آئی (EPI) سائٹ پر ویکسین کی کولڈ چین، آئی ایل آر (ILR) کی حالت، مستقل رجسٹر، اسٹاک رجسٹر اور ویکسین کے ذخیرے کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ویکسین کی (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

سربندن: عوامی مسائل کے حل کے لیے گورنمنٹ گرلز اسکول میں کھلی کچہری

شہریوں کے بیشتر مسائل کے فوری حل کے احکامات اور متعلقہ حکام کو ہدایات جاری

سربندن (خ ن) صوبائی حکومت کی عوام دوست پالیسی کے تحت عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے اور سرکاری خدمات تک رسائی آسان بنانے کے لیے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول سربندن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا کھلی کچہری کی صدارت اسسٹنٹ کمشنر گوادر رومیل نعیم جان نے کیا کھلی کچہری میں مختلف محکموں کے افسران نے شرکت کی، جبکہ شہریوں کی (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

سوراب، نادرا رجسٹریشن سینٹر گدر کی جانب سے شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی

دور دراز علاقوں کے باسیوں کو مقامی سطح پر شناختی دستاویزات کی دستیابی خوش آئند ہے، عوامی حلقے

سوراب (یو این اے) نادرا رجسٹریشن سینٹر گدر کی جانب سے شہریوں کو بروقت، مؤثر اور بہتر سہولیات کی فراہمی کو اہلیان گدر نے خوش آئند پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی اداروں کی اصل پہچان یہی ہے کہ وہ شہریوں کے مسائل کو سمجھیں، ان کی مشکلات کو کم کریں اور انہیں بلاوجہ کی پریشانی اور انتظار سے محفوظ رکھتے ہوئے سہولیات ان کی دہلیز کے قریب فراہم کریں (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

سوراب، ضلعی انتظامیہ کی بڑی کارروائی، غیر قانونی پٹرولیم مصنوعات کی فروخت پر 10 پٹرول پمپس سیل

شہریوں کے جان ومال کے تحفظ اور قانون پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جارہا ہے، ایڈیشنل ڈی سی سلمان علی

سوراب (یو این اے) ضلعی انتظامیہ سوراب نے شہر میں غیر قانونی اور غیر مجاز پٹرولیم مصنوعات کی خرید و فروخت کے خلاف کارروائی کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے 10 پٹرول پمپس کو بند کر دیا۔ کارروائی کا مقصد غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں کی روک تھام، عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پٹرولیم مصنوعات کی فروخت سے متعلق قانونی ضوابط پر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے، ضلعی (باقی صفحہ 3 نمبر 37)



کوئٹہ، صوبائی وزیر ظہور احمد بلیدی سے پی ڈی ایم اے کے ڈائریکٹر پلاننگ نوید احمد شیخ مصافحہ کررہے ہیں

زیر گردش کرنسی، زر وسیع اور بینکوں کے کھاتوں میں ہفتہ وار بنیاد پر اضافہ ہوا، سٹیٹ بینک

اسلام آباد (جی این ایم) زیر گردش کرنسی، زر وسیع اور بینکوں کے کھاتوں میں ہفتہ وار بنیاد پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سٹیٹ بینک کے مطابق 4 ستمبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں زیر گردش کرنسی کا حجم 11.77 ٹریلین روپے ریکارڈ کیا گیا جو پیوستہ ہفتے کے مقابلے میں 0.8 فیصد زیادہ (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

ایئر ٹکٹ پر ہزاروں روپے ایکسائز ڈیوٹی عائد، طیاروں کی درآمد پر سیلز ٹیکس استثنیٰ

کراچی (جی این ایم) طیاروں اور بحری جہازوں کی درآمد پر سیلز ٹیکس استثنیٰ میں توسیع کردی گئی۔ رجسٹرڈ ایئرلائنز کیلئے طیاروں اور پرزہ جات درآمد پر سیلز ٹیکس استثنیٰ میں توسیع کی گئی ہے اور طیاروں کی درآمد یا لیز پر سیلز ٹیکس استثنیٰ بحال کر دیا گیا ہے۔ بحری جہازوں کی درآمد پر سیلز ٹیکس استثنیٰ بھی بحال کیا گیا ہے جب کہ جہاز سازی کے لیے پلانٹ، مشینری اور کیپٹل (باقی صفحہ 3 نمبر 10)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق وفاقی وزیر خلیل جارج ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم کی بارشوں اور ممکنہ سیلاب کے پیش نظر تمام اداروں کو تیار رہنے کی ہدایت

رابطہ سڑکوں اور پلوں پر ٹریفک کی روانی یقینی بنائی جائے، اجلاس میں ہدایت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں شدید بارشوں اور ممکنہ سیلاب کے پیش نظر تمام اداروں کو تیار رہنے اور رابطہ سڑکوں اور پلوں پر ٹریفک کی روانی یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم سے چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

سعودی عرب کی تیل کی اہم پائپ لائن بند، عالمی منڈی پر بڑا خطرہ منڈلانے لگا

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب کی مشرق سے مغرب تک جانے والی اہم تیل پائپ لائن پر ڈرون حملے کے بعد اس کی ترسیل عارضی طور پر معطل کردی گئی جس سے عالمی تیل کی فراہمی کا 5 فیصد تک حصہ متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

خلیجی خطے میں حملے فوری طور پر بند ہونے چاہئیں: حاقان فیدان

انقرہ (جی این ایم) ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے خلیجی خطے میں جاری حملوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملے فوری طور پر بند ہونے چاہئیں۔ حاقان فیدان کا کہنا تھا کہ خلیجی خطے میں جاری حملے جنگ کے خاتمے کی کوششوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں، اس لیے کشیدگی کم کرنے کے لیے فوری اقدامات ضروری ہیں۔ ترک وزیر خارجہ نے کہا کہ ترکیہ اپنے ہمسایہ ملک (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

نوجوانوں کو اپنی سمت کا خود تعین کرنا ہوگا، نوابزادہ جمال رئیسانی

نوجوانوں کو اپنے منتخب نمائندوں اور حکومتی قیادت سے سوال کرنے کے مواقع ملنا مثبت پیش رفت ہے

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ریاست اور حکومت کو نوجوانوں میں یہ اعتماد پیدا کرنا ہوگا (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

سہیل آفریدی نے خود کو اغوا کرانے کی کوشش کی اور پولیس وین میں بیٹھ گئے، رانا ثنا اللہ

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے حوالے سے مجھے کوئی معلومات نہیں، پی ٹی آئی کی دوسرے درجے کی قیادت کے انتظامیہ اور ہم سے رابطہ ہے

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اپنے عہدے کا لحاظ نہ کرتے ہوئے فساد اور فتنہ تلاش (باقی صفحہ 3 نمبر 3)



اسلام آباد، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے پاکستان میں کینیڈا کے ہائی کمشنر طارق علی خان سے مصافحہ کررہے ہیں

عوام سے کیئے وعدے پورے کرونگا انکے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچاؤنگا شعیب نوشیروانی

عوام کی سہولت، فلاح و بہبود اور بنیادی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے' وزیر خزانہ

عوامی نمائندگی محض ایک عہدہ نہیں بلکہ ایک بڑی ذمہ داری ہے، جسے پوری ایمانداری اور خلوص کے ساتھ نبھانے کے لیے پرعزم ہیں' وفد سے بات چیت

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ عوام کی سہولت، فلاح و بہبود اور بنیادی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے، عوام نے اپنے قیمتی ووٹ کے ذریعے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ہمیں اسمبلیوں میں بھیجا ہے، اس اعتماد کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا' ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر نے کہا ہے کہ عوامی نمائندگی محض ایک عہدہ نہیں بلکہ ایک بڑی ذمہ داری ہے، جسے پوری ایمانداری اور خلوص کے ساتھ نبھانے کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

محکمہ جنگلات میں نوکریاں فروخت کرنے اور بھرتیوں کی منسوخی کی خبر جعلی قرار

گرفتاریوں اور تمام حالیہ بھرتیاں منسوخ کرنے کا دعویٰ بے بنیاد ہے، خبر کو بغیر تصدیق آگے نہ بڑھایا جائے، ذرائع

کوئٹہ (جی این ایم) محکمہ جنگلات سے متعلق سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر کو جعلی قرار دے دیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر یہ خبر گردش کر رہی تھی کہ محکمہ جنگلات میں مبینہ طور پر نوکریاں فروخت کی گئی ہیں، 4 اہلکاروں کو گرفتار کرلیا گیا ہے اور تمام حالیہ بھرتیاں منسوخ کردی گئی ہیں۔ تاہم، معتبر ذرائع کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی اس خبر میں بالکل کوئی صداقت نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 6)



کوئٹہ، کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری ڈویژنل مانیٹرنگ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی بھی موجود ہیں

وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت پاکستانی بحری شعبے میں خود انحصاری وجدیدیت کا آغاز

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت پاکستانی بحری شعبے میں خود انحصاری اور جدیدیت کا آغاز کردیا گیا ہے، جس کے نتیجے میں بندرگاہی کارکردگی، تجارت اور کارگو کی ترسیل میں نمایاں بہتری آرہی ہے۔ وزیراعظم ٹاسک فورس برائے (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

گوادر، یونیورسٹی آف گوادر میں فال 2026 کے داخلوں کی تاریخ میں 30 ستمبر تک توسیع

گوادر (یو این اے) یونیورسٹی آف گوادر نے فال 2026 کے تعلیمی سیشن کے داخلوں کے لیے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کردی ہے، اور اب امیدوار 30 ستمبر 2026 تک اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ جامعہ کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات (باقی صفحہ 3 نمبر 45)

عمان کی بندرگاہ کے قریب بحری جہاز میں پراسرار آتشزدگی، پاکستانی انجینئر لاپتہ

مسقط (جی این ایم) عمان کی بندرگاہ کے قریب بحری جہاز ال کائیا پر پراسرار آتشزدگی کے بعد کراچی سے تعلق رکھنے والے پاکستانی انجینئر حماد عبیدہ تاحال لاپتہ ہیں۔ اہلخانہ کے مطابق 13 ستمبر کو بحری جہاز میں آگ (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

پیٹرولیم بحران، خیبرپختونخوا میں تعلیمی ادارے جمعہ اور ہفتہ بند رکھنے کا فیصلہ

پشاور (جی این ایم) خیبرپختونخوا میں پیٹرولیم بحران کے پیش نظر سرکاری ونجی تعلیمی ادارے جمعہ اور ہفتہ بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ تعلیم خیبرپختونخوا نے صوبائی کابینہ کی ہدایت کی روشنی میں تعلیمی ادارے 2 روز بند رکھنے کا اعلامیہ (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمدورفت میں مزید کمی ریکارڈ

تہران (جی این ایم) بحری آمدورفت کے اعدادوشمار ظاہر کرتے ہیں کہ مشرق وسطیٰ میں حملوں میں اضافے کے ساتھ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے جہازوں کی تعداد مزید کم ہوگئی ہے۔ منگل کو جاری کیے گئے کپلر کمپنی کے ابتدائی اعدادوشمار میں بتایا گیا ہے کہ پیر کے روز آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی مال بردار جہازوں (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

ملک میں ایف آئی اے اور نیب پر مکمل اعتماد کرنیوالوں کی شرح منتخب اور انتظامی اداروں سے زیادہ

33 فیصد افراد نے ایف آئی اے، 23 فیصد نے قومی احتساب بیورو پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا، سروے رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) ملک میں ایف آئی اے اور نیب پر مکمل اعتماد کرنے والوں کی شرح منتخب اور انتظامی اداروں سے زیادہ ہے۔ یہ انکشاف انسٹیوٹ فار پبلک اوپینین ریسرچ کے سروے میں ہوا ہے۔ سروے کے مطابق 33 فیصد افراد نے وفاقی تحقیقاتی ایجنسی ایف آئی اے جبکہ 23 فیصد نے قومی احتساب بیورو پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ اس کیبر عکس پارلیمنٹ پر (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

ایران کا اٹامک انرجی تنظیم کے سربراہ کو ویانا اجلاس میں شرکت سے روکنے پر احتجاج

یہ رکن ملک کی حیثیت سے ایران کے حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے، ایرانی سفیر رضا نجفی

تہران (جی این ایم) ایران نے ایرانی اٹامک انرجی تنظیم کے سربراہ محمد اسلامی کو اقوام متحدہ کی جوہری ایجنسی کے ویانا میں ہونے والے سالانہ اجلاس میں شرکت سے روکے جانے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ رکن ملک کی حیثیت سے ایران کے حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کے جوہری توانائی کے ادارے کے سربراہ کو اجلاس میں شرکت سے (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

کانگو میں خوفناک آتشزدگی، 2 اسکول، 300 گھر جل کر راکھ، 29 طلبہ ہلاک

بچوں کی تدفین کے موقع پر علاقے میں سوگ کا سماں، واقعے کی تحقیقات شروع

بوکاوو (جی این ایم) وسطی افریقہ کے ملک مشرقی کانگو کے شہر بوکاوو میں خوفناک آتشزدگی کے نتیجے میں 2 اسکول اور 300 گھر جل کر راکھ کا ڈھیر بن گئے، آگ لگنے کے نتیجے میں 29 طلبہ ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کانگو شہر پر کنٹرول رکھنے والے ایک باغی گروپ ایم 23 کے ترجمان لارنس کانیوکا نے اس حوالے سے بتایا کہ آگ لگنے سے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

رکنی: جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار کے خلاف مشترکہ کارروائی

غیر قانونی شکار کے لیے نصب درجنوں جال اکھاڑ کر تلف کردیے گئے

رکنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمٰن کاکڑ کی ہدایت پر رکنی میں کونج، بٹیر اور دیگر جنگلی پرندوں کے غیر قانونی شکار کے خلاف پولیس اور محکمہ جنگلات نے مشترکہ کارروائی کی۔ ایس ڈی پی او رکنی عبدالجبار مینگل کی قیادت میں پولیس ٹیم نے ڈی ایف او زبیر احمد اور محکمہ جنگلات کے عملے کے ہمراہ رکنی کے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی شکار کے (باقی صفحہ 3 نمبر 26)



اسلام آباد، تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر کنٹینرز کی ضبطی اور سیکیورٹی فورسز کی تعیناتی کے بعد ڈی چوک پہنچنے والے کنٹینرز کا منظر

میر رضا قتل کیس، تفتیشی افسر نے جوڈیشل کمیشن میں مزید دستاویزات جمع کرادیں

کراچی (جی این ایم) میر رضا قتل کیس میں تفتیشی افسر ڈی ایس پی سراج لاشاری نے جوڈیشل کمیشن میں مزید دستاویزات جمع کرادیں۔ جوڈیشل کمیشن میں جمع کروائی گئی دستاویزات میں گواہان کے مزید بیانات اور سیل شدہ روزنامچے شامل ہیں۔ تفتیشی افسر نے اسلحہ ڈیلر ادریس (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

پیٹرولیم بحران: ہفتے میں 4 دن کام، 3 دن چھٹی؟

اسلام آباد (اے این این) ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی گرانی اور قومی اخراجات میں کمی لانے کے لیے حکومتی سطح پر سرکاری ونجی شعبے میں ہفتے میں 4 دن کام اور تین دن چھٹی کا معاملہ زیر غور ہے۔ نجی میڈیا کی رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ وفاقی سطح (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

اعجاز خان نیشنل پیس اینڈ جسٹس کونسل کے ڈپٹی سیکریٹری انسانی حقوق مقرر

اسلام آباد (اے این این) جاپان میں مقیم معروف پاکستانی سماجی شخصیت اعجاز خان کو نیشنل پیس اینڈ جسٹس کونسل پاکستان (NPJC) کے شعبہ انسانی حقوق، وسطی پنجاب کا ڈپٹی سیکریٹری مقرر کردیا گیا۔ کونسل کے مرکزی (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

ایرانی فوج نے امریکی پائلٹ کے بیانات پر مضحکہ خیز ویڈیو بنا ڈالی

تہران (جی این ایم) ایرانی فوج نے اصفہان سے ریسکیو کیے گئے امریکی پائلٹ کے بیانات پر مضحکہ خیز ویڈیو بنا ڈالی۔ طیارے پر حملے، پیراشوٹ تباہ ہونے، ہزاروں فٹ بلندی سے گرنے، زمین میں دھنسنے، واپس نکلنے او (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

وزیراعظم ریلیف اسکیم، اسلام آباد میں رعایتی قیمت پر پٹرول کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم کی ریلیف اسکیم کے تحت پٹرول کی رعایتی قیمتوں پر فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ اسلام آباد کی جانب سے حکومتی پالیسی پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن نے پالیسی پر عمل درآمد کے حوالے سے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کے (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

گوادر: ضلع گوادر میں زرعی سرگرمیوں کے فروغ اور زمینداروں کی معاونت

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت مقبول احمد بلوچ کی پیپلز پارٹی کے نمائندہ وفد سے ملاقات

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی کسان دوست اور زراعت کے فروغ پر مبنی پالیسی کے تحت ضلع گوادر میں زرعی سرگرمیوں کے فروغ اور مقامی زمینداروں کی معاونت پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع مقبول احمد بلوچ نے کہا ہے کہ زمینداروں کو جدید زرعی طریقوں، ضروری زرعی سہولیات اور رہنمائی کی فراہمی محکمہ زراعت کی ترجیحات میں شامل (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

بولان، تحصیل سنی کے تعلیمی اداروں کے کلسٹر بجٹ میں مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف

سرکاری فنڈز کا ایک ایک روپیہ طلبہ کی بہتری پر خرچ ہونا چاہیے، فنڈز کے خردبرد کے خدشات پر اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں، عوامی حلقے

بولان (یو این اے) تحصیل سنی کے سرکاری تعلیمی اداروں کے لیے مختص کلسٹر بجٹ کے استعمال کے حوالے سے عوامی حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ مختلف حلقوں نے کلسٹر بجٹ کے شفاف استعمال پر سوالات اٹھاتے ہوئے مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور خورد برد کے خدشات کا اظہار کیا ہے اور محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل سنی کے تمام کلسٹرز کے بجٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

صحبت پور، بائے پاس منصوبے میں بغیر کام کیے 20 کروڑ جاری کرنے کا انکشاف

ریٹائرڈ ایکسین اور چمن کے ٹھیکیدار نے مبینہ کرپشن سے ایک ارب کا منصوبہ کھٹائی میں ڈال دیا، عوامی حلقے

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور شہر سے ٹریفک کا دباؤ گھٹانے کے لیے ایک ارب روپے کی خطیر لاگت سے شروع کیے جانے والے بائے پاس کی تعمیر کا اہم منصوبہ شدید بے ضابطگیوں کا شکار ہو چکا ہے۔ انکشاف ہوا ہے کہ ریٹائرمنٹ سے قبل متعلقہ ایکسین نے بغیر کوئی (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

پنجگور، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کی طالبات کا یونیورسٹی آف مکران کا تعلیمی دورہ

وائس چانسلر کی ہدایت پر یونیورسٹی کے دروازے ہمیشہ طالبات کے لیے کھلے ہیں، رجسٹرار آفتاب اسلم

پنجگور (یو این اے) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج پنجگور کی طالبات نے مورخہ 11/09/2026 کو یونیورسٹی آف مکران، پنجگور کا تعلیمی ومطالعاتی دورہ کیا، جس کا مقصد طالبات کو یونیورسٹی کی تعلیمی، تحقیقی اور دیگر سہولیات سے روشناس کرانا تھا۔ دورے کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

خاران: محکمہ پولیس میں کانسٹیبلوں کی جدید اور شفاف بھرتیوں کا عمل جاری

جسمانی آزمائش، تحریری امتحان اور انٹرویو کے مراحل سو فیصد میرٹ پر مکمل کیے جارہے ہیں

خاران (محمد عیسیٰ محمد حسنی) محکمہ پولیس بلوچستان کی ہدایت پر صوبے کے دیگر اضلاع کی طرح خاران میں بھی پولیس کانسٹیبلان کی جدید اور شفاف بھرتیوں کا عمل باقاعدہ طور پر جاری ہے۔ اس سلسلے میں بھرتی کے پورے عمل کی نگرانی ڈی آئی جی پولیس رخشان رینج عبدالحئی بلوچ، ایس پی خاران صدرو لاشاری، اے ڈی آئی جی داد محمد مینگل، ڈی ایس پی محسن رضا، ڈی ایس پی ظفر علی (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

صحبت پور، پولیس کی بروقت کارروائی، چوری شدہ بھیڑ برآمد اور تین ملزمان گرفتار

ایس ایچ او محفوظ کھوسو نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرکے چوروں کو دبوچ لیا، عوام اور افسران کی جانب سے تحسین

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور پولیس نے بروقت اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے گھر سے چوری ہونے والی بھیڑ برآمد کرلی اور تین ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ صحبت پور محفوظ علی کھوسو کے پڑوسی جمعدار عبدالعزیز بنگلزئی کے گھر سے (باقی صفحہ 3 نمبر 31)



کوئٹہ، سابق نگران وزیر اعلیٰ علاؤالدین مری، ڈی آئی جی عمران شوکت، سابق وزرا نصیب مری، عارف جان محمد حسنی، قادر محمد حسنی، ازرک، اورنگزیب بادینی اور دیگر ڈی جی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان غوریزئی کے والد کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

گوادر: ڈی جی فشریز عتیق اللہ خان کا دورہ، لائسنس رجسٹریشن کا معائنہ

ڈی جی فشریز بلوچستان نے گوادر میں لائسنس رجسٹریشن وانسپیکشن کے عمل کا جائزہ لیا

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کی ماہی گیر دوست پالیسی اور سمندری وسائل کے تحفظ کے تحت ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق اللہ خان نے گوادر کا دورہ کیا جہاں انہوں نے لائسنس رجسٹریشن وانسپیکشن کے عمل کا موقع پر معائنہ کیا اور متعلقہ افسران کو تمام مراحل شفاف انداز میں مکمل کرنے اور فشریز قوانین وضوابط پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی اس موقع ڈائریکٹر فشریز میرین احمد ندیم و دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل فشریز نے ڈائریکٹر میرین احمد ندیم (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

اقوام متحدہ میں پانی کے معاملے پر پاکستان اور بھارت میں سخت جملوں کا تبادلہ

بھارت سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی اور پانی کو دباؤ کے آلے کے طور پر استعمال کررہا ہے، پاکستانی سفارتکار عدیل ممتاز کھوکھر

پاکستانی موقف پر بھارتی سفارتکار کا اعتراضات، عدیل ممتاز کھوکھر انتہائی مدلل جواب دیتے ہوئے تمام بھارتی دعوے مسترد کردیے، بھارتی سفارتکار شدید بوکھلاہٹ کا شکار

جنیوا (جی این ایم) اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل کے 63 ویں اجلاس کے دوران پانی کے معاملے پر پاکستان اور بھارت کے درمیان سخت جملوں کا تبادلہ ہوا ہے جہاں پاکستان نے سندھ طاس معاہدے کا معاملہ عالمی فورم پر بھرپور طریقے سے اٹھا دیا ہے۔ جنیوا میں اجلاس کے دوران پاکستانی سفارتکار عدیل ممتاز کھوکھر نے پاکستان کا موقف پیش کرتے ہوئے کہا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی اور پانی کو دباؤ کے آلے کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ پاکستانی موقف میں واضح کیا گیا کہ سندھ طاس کا پانی کروڑوں پاکستانیوں کے بنیادی حقوق سے جڑا ہوا ہے اور انڈس بیسن کے پانی پر کسی بھی یکطرفہ اقدام سے لاکھوں افراد کے بنیادی حقوق شدید متاثر ہو سکتے ہیں۔ پاکستان نے اس بات پر زور دیا کہ پانی کے معاملے کو سیاسی تنازع بنانے کے بجائے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اسلامی دنیا کیلئے پیغام، مثبت اثرات سامنے آئیں گے، ترک صدر

انقرہ (جی این ایم) ترک صدر رجب طیب اردوان نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اسلامی دنیا کیلئے پیغام ہے، اس کے مثبت اثرات سامنے آئیں گے۔ ترک صدر رجب طیب اردوان نے ترکیہ کے صوبے سامسون میں (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

گوادر: ڈی جی فشریز کا فشریز آفس کے مختلف شعبہ جات کا دورہ

لائسنس برانچ، اکاؤنٹس برانچ اور دفتری امور وانتظامی معاملات کا تفصیلی معائنہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل فشریز بلوچستان عتیق اللہ خان نے گوادر فشریز آفس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے لائسنس برانچ، اکاؤنٹس برانچ اور دیگر دفتری امور وانتظامی معاملات کا جائزہ لیا ڈائریکٹر جنرل فشریز نے افسران واہلکاروں کو ہدایت کی کہ دفتری امور شفافیت، میرٹ اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق انجام دیے (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

باب المندب کی بندش پوری دنیا کیلئے تباہ کن ہوگی: قطر کا اظہار تشویش

دوحہ (جی این ایم) قطر نے باب المندب کی ممکنہ بندش پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ آبنائے کی بندش پوری دنیا کے لیے تباہ کن ثابت ہوگی۔ قطری وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ دنیا پہلے ہی آبنائے ہرمز کی (باقی صفحہ 3 نمبر 34)



کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوئٹہ محمد انور کاکڑ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپرنسی کے وفد کو ضلعی انتظامیہ کی مجموعی خدمات کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں